فہرست تفصیلی صیغہہای متذکرہ حصص

نمبر حصہ	نمبر صیغہ	نام صیغہ	نام اجزا صیغہ
ا	ا	باغات	
"	۲	کتب خانہ	
"	۳	باورچی خانہ	
"	۴	توشہ خانہ	
"	۵	محتاج خانہ	حالت انتظامی صرف ملازمین محتاج خانہ صرف محتاجین
	ا	کارخانہ جات	
			ا اصطبل
			۲ فیل خانہ
			۳ گاڑی خانہ
			۴ گاؤمیش خانہ
			۵ بازدار خانہ
			۶ سلحہ خانہ عام
			۷ فرش خانہ
			۸ کرل خانہ

نمبر حصه	نمبر صیغه	نام صیغه	نام اجزا صیغه
			۹ تازی خانه
			۱۰ چڑیا خانه
			۱۱ دارالاخبار
			۱۲ سررشته سپرنٹنڈنٹ کارخانجات
"	۲	امور مذہبی	۱ مساجد
			۲ اوقاف
"	۳	مردم شماری	
۲	۴	مراسم و دستورات	
"	۵	سپاه	۱ رساله جنگی [illegible]
			۲ پلٹن
			۳ بینڈ
			۴ جیل کمپنی و پولس کمپنی
			۵ علی خول
			۶ توپ خانه
	۶	پولس	
	۷	حوالگی و طلب مجرمین	
	۸	تعمیرات	

دیباچہ رپورٹ سالتمام ریاست رامپور
من ابتدائے اپریل ۱۸۸۸ء لغایتہ مارچ ۱۸۸۹ء

تقرر کونسل و مختصر حالات متعلقہ رئیس –

اپریل ۱۸۸۸ء مین مسندنشینی و خلعت پوشی نواب مستطاب محمد مشتاق علیخان صاحب بہادر کی عمل مین آئی اور بوجہ علیل ہونے نواب صاحب ممدوح کے کونسل انتظامیہ قائم ہوئی اوسکے تین ممبر مقرر ہوئے

جنرل محمد اعظم الدین خان بہادر	وائس پریزیڈنٹ
سید علی حسن خان	ممبر صیغہ مال
کنور محمد لطف علیخان	ممبر صیغہ جوڈیشل

اور بموجب اون قواعد کے جو پیشگاہ نواب لفٹنٹ گورنر بہادر اور نواب صاحب ممدوح سے منظور ہوئی کونسل انتظامیہ کو معاملات ملکی مین اختیار دیا گیا اور نواب صاحب بنفس نفیس پریزیڈنٹ مقرر رہے و بلحاظ اون عہدہ کے ممبران کونسل علیحدہ علیحدہ و بحیثیت مجموعی اپنی خدمات حسب مندرجہ ضمیمہ (الف) متعلقہ قواعد مذکور انجام دیتی ہے آخر ... مین کنور محمد لطف علیخان صاحب جوڈیشل ممبر ریاست رامپور سے علیحدہ ہوئے اور بجائے اونکے نواب محمد اکرام اللہ خان نواب یار جنگ بہادر جو ریاست حیدرآباد مین ایک عہدہ جلیلہ پر ممتاز تھے حسب الطلب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر وہان سے تشریف لائے اور ۳ جنوری ۱۸۸۹ء

کو صیغہ جوڈیشل کا چارج لیا۔ بمنظوری نواب محمد مشتاق علیخان بہادر قواعد کونسل اور ضمائم جن سے تفریق کام کی معلوم ہوتی ہے اس رپورٹ کے آخر مین بطور حوالہ کے نقل کیے گئے ہین جو حصۂ خاتمہ رپورٹ مین پائی جاینگے کونسل نے جو کام کیا اوسکا مذکور اوسی ترتیب اور سلسلہ سے اپنی مدات مناسب کے ذیل مین تحریر ہونا ٹھیک معلوم ہوتا ہے اس لیے اس رپورٹ کے چھہ حصہ قرار دیے گئے ہین اور حصہ چہارم کے آخر مین خاتمہ بھی ہے اُنکی صیغون کی تفصیلی فہرست علیحدہ معروف ہے اور حصص کی تفصیل یہہ ہے۔

حصہ اول متعلقہ ذات خاص رئیس

حصہ دوم متعلقہ صاحب ایس پریزیڈنٹ

حصہ سوم متعلقہ صاحب ممبر مال

حصہ چہارم متعلقہ صاحب ممبر جوڈیشل

حصہ پنجم باب اول جغرافیہ

حصہ پنجم باب دوم مختصر تاریخ

حصہ ششم نقشہ جات

الف متعلقہ حصہ اول
ب " دوم
ج " سوم
د " چہارم
ر " پنجم

شروع سال رواں یعنی ۱۸۹۶ع سے طبیعت بندگان حضور نواب محمد مشتاق علیخان بہادر کی زیادہ علیل ہوئی مرض فالج و دیگر امراض نے عود کیا مرض کی حالت روز بروز رو بترقی رہی۔ معالجہ جو کیا گیا اُس سے کچھہ نفع مرتب نہوا۔

چنانچہ ۲۵ - فروری ۱۸۹۶ع کو اس دار ناپائدار سے رحلت فرمائی۔ نواب صاحب مرحوم نے دو صاحبزادے چھوڑے خلف اکبر نواب محمد حامد علیخان بہادر خلف اصغر محمد ناصر علیخان بہادر عرف منجھو صاحب ہین۔ نواب

محمد حامد علیخان بہادر دام اقبالہ حسب دستور و آئین ریاست مسند آبائی
پر بتاریخ ۲۰ - فروری ۱۸۹۰ء متمکن ہوئے (مسند نشینی کے دن عمر حضور کی
چودہ ۱۴ سال دس ماہ ستائیس دن کی تھی پیدائش یوم شنبہ ۲۹ - رجب ۱۲۹۱ ہجری کی ہے)
اور بآئین شائستہ دربار مرتب ہوکر مسٹر نیل صاحب بہادر قائم مقام ایجنٹ نواب لفٹنٹ گورنر
بہادر نے گورنمنٹ انگلشیہ کیطرف سے وراثت و جانشینی کا اعلان فرمایا - یہہ واقعات
۳۱ - مارچ ۱۸۹۰ء تک کے ہین اور اس رپورٹ سے اسقدر واقعات کو تعلق ہے - لیکن
چونکہ یہہ رپورٹ اپریل مین تحریر ہوتی ہے اسلئے اس فقرہ آخری کو ناتمام چھوڑنا مناسب
نہین معلوم ہوتا یعنی بسبب کمسن ہونے نواب محمد حامد علیخان بہادر کے کونسل انتظامیہ
بلفظ کونسل آف ریجنسی ملقب ہوئی - وائس پریزیڈنٹ اور ممبران دیگر جو پہلے
سے مقرر تھے وہی ہے اور پریزیڈنٹ کا عہدہ صاحبزادہ محمد صفدر علیخان بہادر کو
دیا گیا - صاحبزادہ موصوف نواب محمد سعید خان بہادر جنت آرامگاہ کے بیٹے ہین -
طوفان مخالفت جو بعہد نواب مشتاق علی خان بہادر موج زن ہوا تو یہہ کنارہ پر ہے
اور رئیس وقت کا شائستہ اطاعت کا نہی پر رکھا آتی موقع پر اسکام کیلیے صاحبزادہ
صاحب ممدوح کے سوا اور کوئی شخص موزون نہ معلوم ہوا - نواب مشتاق علیخان بہادر کے
انتقال کے بعد خدشہ تھا کہ اہل خاندان جو مخالفت پر کمربستہ ہے ہین اور اب بھی آمادہ
ہین ہین اس علاقہ مین فتنہ برپا کرینگے - جنرل محمد اعظم الدینخان بہادر کے
حسن انتظام اور استقلال اور جوانمردی سے وہ نازک وقت چشم زدن مین

نکل گیا۔ نواب محمد مشتاق علیخان بہادر کی تجہیز و تکفین بہی بہت عمدہ طور سے عمل مین آئی اور سرکار عالی کی مسند نشینی خوب تزک و احتشام سے ہوئی بنظر حزم و احتیاط خلاف دستور ریاست تہا کہ کسی رئیس کے جنازہ کے ساتہہ وارث تاج و تخت جاے لیکن اس مرتبہ ایسا ہی ہوا۔

شہر مین عام و خاص کی جانب سے جو اظہار ماتم ہوا اوس سے خوب ثابت ہوا کہ نواب عرش آشیان کسقدر ہر دل عزیز تہے اور اونکی مفارقت کا کتنا صدمہ خلق کو ہوا۔

هو الله المستعان

حصہ اول

مطبع دبدبۂ سکندری میں طبع ھوا

ذات خاص

نواب محمد مشتاق علیخان بہادر ملقب بہ عرش آشیان نے اپنی ذات خاص کے مصارف اپنی اختیار مین رکہے تہے جسمین کتب خانہ و مصرف خیر و باغات وغیرہ بہی داخل ہین۔ نقشہ سلسلہ نمبر ۱ و ۲ و نمبر صیغہ ۱ سے ابواب داخل و مخارج ظاہر ہوتے ہین۔ بعض ابواب مثل باغات و کتب خانہ و توشخانہ و باورچیخانہ و محتاجخانے کا مختصر تذکرہ اسموقع پر لکہنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔

باغات

نقشہ سلسلہ نمبر ۳ و نمبر صیغہ ۲ سے ظاہر ہوگا کہ ریاست کے مختلف حصص و مقامات و خاص شہر مین مجموعی چار سو قطعہ باغات کے ایسے ہین جو ریاست کے مملوک ہین اور جنکی پیداوار فصل کا بڑا حصہ نشیمن و محلات مبارک کے صرف مین آتا ہے اور ملازمین ریاست و رؤسا ریاست کے احباب کو بطور تحفہ بہیجا جاتا ہے اور بقیہ پیداوار مین سے جو فضول سمجہا جاتا ہے وہ نیلام کر دیا جاتا ہے اکثر باغات ایسے ہین جنمین خالی فصل مین ملازم خدمتی رکہنے کی ضرورت نہین ہوتی ہے تاہم باغات مین ملازمت دائم مستقل ملازم ہین جسمین ایک سپرنٹنڈنٹ باغات اور ایک محرر بہی شامل ہے واضح رہے کہ سال زیر رپورٹ مین [illegible] باغات مین صرف ہوے فضول باغات وغیرہ کا نیلام اور تحصیل و وصول زر نیلام تحصیلدار حضور تحصیل متعلق رہا ہے اور نگرانی وارستگی مسٹر فلپس کے چارج مین ہے جو بمقابلہ گذشتہ حالت باغات ترقی کر رہی ہے امید کہ سال آیندہ مین ان ترقیون کا تذکرہ الفاظ

مناسب مین کرنیکا موقع ملیگا۔

سال زیر رپورٹ مین [illegible] روپیہ فصول باغات کے نیلام سے خزانہ سرکاری

مین داخل ہوا۔ گذشتہ سال آمدنی زر نیلام [illegible] ہوئی تہی۔

اس سال مین جسکی بابت رپورٹ ہے فصل انبہ اچہی نہ تہی۔

کتب خانہ

بہت بیبہا اور نادر الوجود کتب خانہ بآواز بلند اپنی مالکون کے علمی مذاق و شوق کو ثابت کر رہا ہے۔ اس کتب خانے مین مختلف علوم و فنون قدیمہ کی قلمی کتب اس کثرت سے ایسی عمدہ اور کمیاب بلکہ نایاب موجود ہین جنپر کتب خانہ جسقدر فخر کرے بجا ہے۔

صاحبزادہ جنرل محمد اعظم الدینخان بہادر اپنی عہد مدار المہامی سے اسوقت تک اس فکر مین رہے کہ کوئی ایسا قابل مستعد بہم پہونچایا جاے جو ان کتب کی فہرست علیحدہ علیحدہ مختلف علوم و فنون کی مرتب کر سکے مگر افسوس ہے کہ اس فکر مین اونکو ابتک ناکامی رہی اور کوئی اس مادہ کی قابلیت کا مستعد بہم نہ پہونچا۔ آخر کو یہ کام منشی امیر احمد صاحب کے سپرد ہوا اور فہرست موجودات ترتیب شروع کرائی گئی جو قریب الختم ہی۔ مولوی عبید اللہ صاحب کو بغرض انتخاب کتب مختلف علوم و فنون کتبخانے مین جگہہ دی گئی ہے۔ ہر شخص جسکو کچہہ علمی مذاق ہی اس کتبخانے کی قلمی کتب کو دیکہکر نہ صرف اوس سے مستفید ہونیکا متمنی ہوتا ہے بلکہ بعض یدِ طمع کا کہولنا برا نہین سمجہتے جیسا کہ کسی نے اپنی فرط شوق مین کہا ہے ع دیوان ظہیر فاریابی در کعبہ بدزد اگر بیابی۔ بہرحال اسپر اتفاق ہے کہ یہہ کتب خانہ اپنی نظیر آپ ہے۔

تعداد کتب قلمی و مطبوعہ کی حسب ذیل ہے

[illegible]

قلمی: قرآن شریف	قلمی: دیگر کتب	مطبوعہ: انگریزی	مطبوعہ: قرآن شریف	مطبوعہ: دیوان شعرا	مطبوعہ: دیگر کتب
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

کتب خانے مین ورق گردانی کے لیئے لوگ نوکر ہین جنکا کام ہے کہ روزانہ اوقات معینہ مین کتابون کی ورق گردانی کیا کرین کہ کیڑا نہ لگنے پاے۔

منتخب خوشنویس بہی یہان ملازم اور کام کرتے ہین۔ سال زیر رپورٹ مین اس بے نظیر کتب خانہ مین تنخواہ ملازمین کا خرچ صرف [illegible] روپیہ پڑا ہے۔ خریدکتب جدید مین [illegible] اور متفرق [illegible] روپیہ مزید برآن ہے۔ ایسے بے بہا کتب خانے کے لیے اسقدر خرچ گویا نہونیکے مثل ہے۔

گذشتہ سال مین چونکہ خرید کتب نہین ہوئی تہی۔ اسوجہ سے صرف [illegible] روپیہ خرچ پڑا تہا۔ ظاہر ہے کہ کتب خانے سے بجز فیض عام کے کوئی مالی آمدنی نہین ہو سکتی امسال صندوق ہای کہنہ از کار رفتہ اور بعض معمولی کتابین چہاپکی زاید ہونے کی وجہ سے نیلام کردی گئی ہین جن کی مجموعی تعداد آمدنی [illegible] ہوئی گذشتہ سال کی آمدنی اسی طرح کی بوجہ علحدگی بعض غیر ضروری کتب و اشیا کے [illegible] روپیے ہوی تہی

باورچی خانہ

اس کارخانہ میں بابت تنخواہ افسر و عملہ امسال [illegible] اور تنخواہ افسر و عملہ میں [illegible] صرف ہوا — اول الذکر رقم کی تفصیل یہ ہے جسکا ماہانہ اوسط [illegible] ہوتا ہی

	باورچی خانہ انگریزی	دعوت اتفاقی	دعوت معمولی	مہمانان ڈاک بنگلہ
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
والی	خرید میوہ فصلی علاوہ پیداوار باغ	خوراک مہمانان	متفرق	باورچی خانہ [illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

واضح رہے کہ ہر مد کی آنہ پائی ترک کی گئی ہے اسوجہ سے چار روپیہ کی کمی پوری رقم میں پائی جائیگی —

باورچی خانہ میں ظروف مسی و چینی و نقرئی نہایت کثرت سے موجود ہیں جنکی تعدادی فہرست اس موقع پر لکھنا طوالت ہے — گذشتہ سال اس کارخانہ میں بمقابلہ [illegible] کے [illegible] خرچ ہوا تھا بیشی کا سبب خرید سامان و دعوتہائے غیر معمولی بیان کیا گیا ہے —

سال زیر رپورٹ میں آمدنی بذریعہ نیلام اسباب ازکار رفتہ وغیرہ [illegible] ہوئی گذشتہ سال میں صرف [illegible] کی آمدنی ہوئی تھی — باورچی و نان پز عمدہ و لائق ہیں ہر قسم کے کھانے نفیس و نادر پکا سکتے ہیں مہمان اور وارد و صادر کی خاطر و مدارات کا ہمیشہ انتظام رہتا ہے صفائی کارخانہ و تعداد ملازمان مختلف رئیس کی [illegible] کی دلیل بدیہی ہے

توشہ خانہ

یہ بہت بڑا کارخانہ ہے اسمیں صدہا اقسام کے پارچے و شالہا و رومال وغیرہ اور

سامان طلائی و نقرئی موجود ہی جواہر خانہ اور گھڑیان وغیرہ بہی اس مین داخل ہین نرخ قیمت و
کمی بیشی خرید جدید اور عنایات و انعام و خلعت وغیرہ سے اس مین کمی و بیشی ہوا
کرتی تہی۔ سال زیر رپورٹ مین خرید جدید پارچہ و جواہرات وغیرہ کے
[illegible] روپیہ اور سولہ اشرفی کی ہوئی ہے جو خرچ غیر معمولی مین داخل ہے اور
معمولی خرچ تنخواہ ملازمین وغیرہ مین [illegible] روپیہ صرف ہوا۔ گذشتہ سال مین
غیر معمولی خرچ [illegible] اور تنخواہ مین تقریبًا بقدر سال حال خرچ پڑا تہا۔

اس کارخانے مین اشیا کہنہ و شکستہ سے (جو اکثر نیلام کردیجاتی ہین) کچھہ آمدنی بہی ہوجاتی ہے
چنانچہ سال حال مین [illegible] روپیہ کی بمقابلہ گذشتہ [illegible] روپے کی
آمدنی ہوئی۔ جواہر خانے کے رجسٹر بہت اہتمام سے مرتب رہتی ہین درآمد و برآمد کا
داخل خارج باوقات معینہ بہت انضباط سے ہوتا ہی اور ہمیشہ بعض گرامی اشخاص
متعلقین ریاست اسکی جانچ و پڑتال کو مامور ہوتے ہین از قسم جواہر بعض قبضہ ہائے شمشیر
و تاج زیورہائے مرصع ایسے نادر الوجود ہین جنکو چشم حقیقت بین دیکہکر دنگ ہوتی ہے۔ کئی
پشت سے رئیسان رامپور کو اس طرف توجہ کامل رہی اور دور دور سے جوہری عمدہ
مال لائے اور اونکی قدردانی اونکی دلخواہ ہوئی۔ ایک داروغہ معتمد الخدمۃ اس کام پر مامور ہے
جواہر خانے کا اہتمام خاص اوس سے متعلق ہے حفاظت کا قرار واقعی انتظام ہی علی ہذا توشہ خانہ
خانساماں اور دیگر ملازمین نگران ہین کام ان سب کارخانون کا خصوصًا جنرل
محمد عظیم الدین خان بہادر کے عہد مدار المہامی سے بہت انتظام سے چلتا ہی ردی و بیکار

چیزین بعد ملاحظہ رئیس مغفور عرش آشیان حسن انتظام سے بہت اچھی قیمت کو نیلام
ہوگئین۔ نئی چیزین حسب ضرورت داخل ہوئین اسبارے مین محمد عبدالمجید خان پرائوٹ
سکرٹری سے بہت مدد ملی اور اس کارخانے کی درستی اور اصلاح مین اونکا بڑا حصہ ہے۔
جواہرات قیمتی بکس ہا چوبی مین پڑی تہے۔ عہد عرش آشیان مین آئرن سیف
یعنے فولادی بکس نہایت مستحکم قفل کے ولایت و بمبئی سے منگای گئی۔ ہر قسم کا زیور
علیحدہ علیحدہ بکسون مین ترتیب بابیتہ کے ساتہہ چنا گیا۔ ہر زیور کا حلیہ اس
تفصیل او رصحت سے لکہا گیا کہ ایک اجنبی شخص جواہر خانے مین جا کر مقابلہ
اور پڑتال رجسٹر کی بہ آسانی کر سکتا ہے۔

محتاج خانہ

رامپور مین اکثر دیکہا جاتا تہا کہ خیرات مانگنے کے لیے بازار مین بہت آدمی پہرتے تہے جو درحقیقت
محتاج خیرات و حسنات کے نہ تہے بلکہ صحیح الاعضا اور اپنی قوت بازو سے محنت مزدوری کے
ذریعے بسر اوقات کر سکتے تہے یہی لوگ بحیلہ سرکار سے بہی تصدقات حاصل کرتے تہے
اور وہ لوگ جو سب سے زیادہ مستحق تہے محروم رہتے تہے یعنے پردہ نشین۔ لاوارث
لنگڑے۔ لولے۔ یا اور ایسی لوگ جو نقص جسمانی سے اپنا قوت بہم نہین پہونچا
سکتے تہے صاحب وائس پریزیڈنٹ کی تحریک سے نواب عرش آشیان اپنی فیاضی
غربا و مساکین و شرفا و پردہ نشین عورتون کی پرورش کے لیے۔ اپریل ۱۸۸۳ع مین
ایک وسیع محتاج خانہ قایم کیا جسکی طرف کبہی روساے سابق کی توجہ ہوئی نہی اسلیے اسموقع پر

یہ کہنا بیجا نہوگا کہ یہہ اوسی حاتم عصر کا کام اور حصہ تہا جو ہمیشہ یادگار رہیگا پس آخر کو بازارین
ایسے ہرزہ گرد اور فضول آدمیونکا باصرار بہیک مانگنا ممنوع کیا گیا۔
ضرور ہی کہ یہہ محتاج خانہ جس زمانہ آیندہ تک قایم و جاری رہیگا مسلمانونکے اعتقاد کے
موافق بڑا حصہ اسکے اجر کا اسکے بانی و موجد نواب عرش آشیان کے حسنات مین داخل ہوتا
رہیگا۔ اور صاحبزادہ جنرل محمد اعظم الدینخان بہادر جو اسکے افتتاح کے باعث و محرک کہے جاتے ہین
الدال علی الخیر کفاعلہ کے برکات سے مستفید ہوتے رہینگے۔

حالت انتظامی

محتاج خانے کے افتتاح پر محتاجین کی (تحقیقات کے بعد) اسم نویسی کا ایک
رجسٹر تیار کیا گیا اور اوسیکے موافق ٹکٹ مطبوعہ محتاجین مندرجہ رجسٹر کو دیے گئے
تاکہ اوسکے ذریعے سے ماہوار وظیفہ معینہ حاصل کیا کرین۔ یہہ انتظام تقسیم نقدی کا چار مہینے تک
یعنی من ابتدای اپریل لغایتہ جولائی [illegible]ء جاری رہا لیکن اس چار مہینے کی تقسیم نقدی مین
انواع و اقسام کے چالاکیان اور خرابیان دیکہی گئین جو منجانب وظیفہ یابان وقوع مین
آئین جب مسٹر فلپ کے انتظام مین محتاج خانہ سپرد کیا گیا او تقسیم نقدی
منافی مصالح انتظامی و خیر دیکہی گئی تب بہ انعقاد کمیٹی تقسیم نقدی موقوف اور تقسیم
طعام کا انتظام و اہتمام قرار پایا اس کمیٹی مین ہر محلے کے معززین اور سرکاری
برآوردہ ملازمین شریک کیے گئے تہے جنکے اتفاق سے انتخاب محتاجین کا مہتمم صاحب
مسٹر فلپ صاحب کے سپرد ہوا جنہونے اپنے فطرتی مادے سے انتظام کو بوجہ احسن انجام کو

ہو پہنچایا محتاج خانے مین کوئی محتاج اب ایسا نہین ہے جسپر محتاجی کا اطلاق نہ ہو
اکتوبر ۱۸۸۴ع سے محتاجین کو کہانا تیار محتاج خانے مین ملتا ہے جنکی اوسط تعداد روزانہ
۵۷ ہے کچھ محتاج ایسے بہی ہین جو محتاج خانے سے باہر رہا کرتے ہین مگر اونکو محتاج خانے
مین رہنے کی ترغیب دیجاتی ہے اور اکثر یہان کے اسباب آرام و آسایش دیکھکر
یہان کی بود و باش اختیار کرتے جاتی ہین اسوجہہ سے تعداد محتاجین مین اب کثرت ہے
مینہ و محتاجین کو تیار کہانے کی عیوض آٹا دال تقسیم ہوتا ہے —
اکثر ممبران کمیٹی محتاج خانہ وقت تقسیم خوراک تشریف لاتی ہین - سپرنٹنڈنٹ صفائی کے
متعلق اسکی بحث وغیرہ کا انتظام ہے وہ ہر روز آتے ہین —

صرف ملازمین محتاج خانہ

مختلف ماہوار پانیوالے ۵ روپے کے وقت انتظام تقسیم طعام سے محتاج خانے کے
کامون کے واسطے نوکر ہین - وقت تقسیم نقدی صرف ایک محرر آٹہہ روپے ماہوار پانیوالی
کام سپرد تہا تقریباً [illegible] تنخواہ ملازمین مین صرف ہوا

صرف محتاجین

اسسال محتاجین کو ابتدا کے چار مہینے مین [illegible] تقسیم کیا گیا اور آغاز تقسیم طعام یعنے
اکتوبر ۱۸۸۴ع سے آخر مارچ ۱۸۸۵ع تک [illegible] کا کہانا تقسیم ہوا - ان دونون کا مجموعہ
[illegible] روپیہ ہوتا ہی جسکے امداد سے محتاجین کی پرورش ہوئی - حساب کی رو سے
فی محتاج [illegible] کا کہانیمین خرچ پڑا اقسام طعام جسکی تفصیل آیندہ مذکور ہوتی ہے

معلوم ہوتا ہے کہ کس عمدگی اور کفایت شعاری سے انجام ہو رہا ہے درحقیقت یہ کفایت منتظمین کی خوش سلیقگی کو ثابت کر رہی ہے۔

اقسام طعام

محتاجین کو ہفتہ مین ایک بار پلاؤ ملتا ہے اور بقیہ چھہ روز مین ایک روز گوشت اور روٹی دو وقت روز دال اور روٹی تیار ملتی ہے۔ تقسیم و پخت طعام کا کافی بندوبست ہے۔ نگرانی بہی بقدر ضرورت ہوتی ہے مسٹر فلپ اسکام مین مصروف اور اونکی سرگرمی سے اسکی انتظامی حالت روز بروز ترقی کرتی جاتی ہے ہر محتاج کا برتن علیحدہ ہے اور ایک ناپ سب کو بقدر آسودگی دیا جاتا ہے۔

هو الله المستعان

حصہ دوم

مطبع دبدبہ سکندری میں طبع ہوا

کارخانہ جات

اصطبل

مد	اسپ	یابو	خچر	کل
موجودات ختم مارچ ۱۸۸۶ء	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
خرید اندرون سال	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اس تعداد میں بہت سے جانور عوارض مختلف میں مبتلا اور بعض کمزور اور ازکار رفتہ تھے اسلیے اصطبل سے اُنکا بذریعہ نیلام علیحدہ کردینا مناسب سمجھا گیا چنانچہ بعد انتخاب نیلام کیا گیا۔

تفصیل علیحدگی بذریعہ نیلام و عنایات وغیرہ حسب ذیل ہے

مد	اسپ	یابو	خچر	کل
نیلام اندرون سال	[illegible]	دو	۰	[illegible]
فوت اندرون سال	[illegible]	۰	۰	[illegible]
عنایات اندرون سال	[illegible]	۰	۰	[illegible]
میزان	[illegible]	دو	۰	[illegible]
باقی بعد منہائی میزان صدر	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

علاوہ جانوران مفصلہ بالا کے ویگنٹ وچرٹ وپالکی گاڑی وغیرہ اس کارخانے مین موجود ہین
جنکا مجموعی خرچ سال زیر رپورٹ مین [illegible] روپیہ ہوا کی تفصیل یہہ ہے

قیمت خرید جدید	[illegible]
تنخواہ ملازمین وخورونوش اسپان وغیرہ	[illegible]
تنخواہ اہلکاران نگران وسائر	[illegible]
میزان	[illegible]

جانوران ودیگر سامان از کار رفتہ کے آمدنی سال زیر رپورٹ مین [illegible] روپیہ ہوئی
گزشتہ سال مین آمدنی [illegible] ہوئی تھی

واضح رہی کہ بمقابلہ خرچ سال زیر رپورٹ [illegible] سال گزشتہ مین کارخانہ دیوان صدر کی رو سے [illegible] روپیہ خرچ پڑا تہا لیکن اس رقم مین قیمت دا نہ جانوران شامل نہین ہے جو پہلے مودیخانے سے دیجاتی تہی —

علاوہ برین امسال خریہ جانوران واسباب گاڑی وغیرہ مین بمقابلہ گزشتہ خرچ زیادہ ہوا ہے جو نقشہ نمبر سلسلہ (۱) ونمبر صیغہ (۱) سے واضح ہی — اس کارخانے کو جو ترقی عہد نواب مشتاق علیخان بہادر مین بحض جنرل محمد اعظم الدین خان بہادر کے سبب ہوئی ہے — قابل دید ہے محتاج بیان نہین ہے گاڑیان عمدہ قسم کی گہوڑی عمدہ النسل کے عرب اور ولایت نژاد ساز سامان ولایتی وقیمتی ایسا بینظیر موجود ہے کہ کبہی پہلے اس ریاست مین نہ تہا ذاتی قابلیت شہسواری کی اور گہوڑون کی بصیرت جنرل صاحب کو ایسی حاصل ہے کہ

کمتر اون کا نظیر پایا جاتا ہے۔

فیلخانہ

موجودہ ختم سال پر	[illegible] زنجیر
خرید اندرون سال زیر رپورٹ	[illegible]
میزان	[illegible]

اس تعداد مین سے چند بوجہ ابتلای عوارض نیلام ہوی اور چند مر گئے اور ایک زنجیر فیل عطا ہوا۔

تفصیل یہ ہی

نیلام اندرون سال	[illegible] زنجیر
منقط ″	[illegible] ″
عطیہ ″	یک ″
میزان	[illegible] ″
باقی بعد منہائی میزان صدر	[illegible] ″

ان ہاتھیون کے لیے فیل خانے مین [illegible] عدد ہودج ساخت قدیم ہند کے و چہار جامہ و ہودج انگریزی موجود ہین۔ مجموعی خرچ سال مین اس کارخانہ کا [illegible] روپیہ اس تفصیل سے پڑا۔

خرچ راتب و خرید جدید وغیرہ	[illegible]

تنخواہ ملازمان نگران	[illegible]
میزان	[illegible]

واضح رہے کہ گذشتہ سال مین باستثناے قیمت جنس [illegible] روپیہ خرچ ہوا تہا۔ جنس کی قیمت مویشخانے مین شریک تہی۔ امسال فیلخانے مین قیمت جنس اور خرید جدید ہونے سے بیشی ہے جو دراصل حسابی بیشی ہے ہاتہیون اور اسباب ازکاررفتہ کے نیلام سے سال حال مین [illegible] روپے کی آمدنی ہوئی۔ سالگذشتہ کی آمدنی صرف [illegible] تہی۔

گاؤخانہ

موجودات

موجودہ آخر مارچ [illegible]	[illegible] جوڑی نرگاؤ
خرید اندرون سال	[illegible] جوڑی نرگاؤ
کل	[illegible]

منہائی

فوت اندرون سال	[illegible] جوڑی
نیلام بوجہ ضعف وغیرہ	[illegible] جوڑی
منتقل کارخانہ کہاپچی	[illegible] جوڑی
کل	[illegible] جوڑی

موجودات ہشتم سال پر — [illegible] جوڑی

مین ابتدای اپریل ۱۸۸۸ء لغایۃ مارچ ۱۸۸۹ء مجموعًا [illegible]

اس کارخانے مین صرف پڑا جسکی تفصیل یہہ ہے -

	تمام سال	اوسط ماہانہ
خورد ونوش وتنخواہ ملازمین خدمتی وغیرہ	[illegible]	[illegible]
تنخواہ افسران ومحرر	[illegible]	[illegible]
میزان	[illegible]	[illegible]

گزشتہ سال کا خرچ دیوان صدر کے کاغذات مین اس کارخانے کا [illegible] ہے جس مین قیمت علیق وتنخواہ ملازمین شامل نہین - واضح رہی کہ اس کارخانے مین [illegible] رتہہ اور بہلیان اور [illegible] منزل چہکڑے موجود ہین - نیلام اسباب غیر ضروری وازکاررفتہ سے اندرون سال [illegible] روپیہ کی آمدنی ہوئی - گزشتہ سال کی آمدنی [illegible] تہی - اس کارخانے کی تخفیف ضروری آیندہ مقصود سامان ضرورت سے زیادہ ہے اور باربرداری کا اکثر سفر بیرونجات کا ریل کے ذریعے سے ممکن ہے لہذا گنجایش اخراجات کم کرنے کی اس کارخانے مین ہے چنانچہ نرگاو کی خرید اس سال بالکل نہین ہوئی

گاوخانہ

مدت	گاؤمیش مادہ گاؤ	بچھڑے و پڑیا	میزان
موجودہ آخر مارچ ۸۸ء	ٹ راس	ـــــــ	ماعہ
خرید اندرون سال	لعہ	مہ	عہ
میزان	رلہ	مالعہ	ماعہ
منہائی فوت اندرون سال	۰	عہ	عہ
نیلام	سے	للعہ	ــہ
میزان	سے	عہ	ــہ
باقی ختم سال پر	مہ	مہ	ماعہ

علاوہ اسکے مالعہ راس مادہ گاؤ موضع چنداین پرگنہ بلاسپور مین اسی کارخانے سے متعلق موجود ہین۔ اس موضع مین چارہ بکثرت ہی۔

یہہ کل چار ملازم خدمتی کے (جو قوم کے گوالیہ ہین) سپرد ہین۔

ختم سال زیر رپورٹ تک اس کارخانے مین سہ لالعہ بمقابلہ سہ مامہ خرچ پڑا ہے جسکی تفصیل یہہ ہے۔

قیمت خرید جدید و تنخواہ ملازمین	تمام سال	اوسط ماہانہ
خدمتی وغیرہ	سہ ماعہ	حاللولعہ
تنخواہ افسران و عملہ	سالالعہ	موعہ
کل	سہ لالعہ	حالعہ

اس کارخانے مین ایک بڑی آمدنی کی چیز دودہ وہی ہے - مصارف سے کار سے جتنا بچتا ہی بیچ ڈالا جاتا ہی چنانچہ سال زیر رپورٹ مین اسکی بکری سے مع دیگر از کار رفتہ و بیکار چیزون کے [illegible] روپے کی آمدنی ہوئی جسکا اوسط ماہانہ [illegible] روپیہ ہوا - گذشتہ سال اسی کارخانہ سے آمدنی [illegible] روپیہ ہوئی تہی اسلیے بمقابلہ گذشتہ آمدنی مین بیشی ہے -

بازدار خانہ

ختم سال پر اس کارخانے مین [illegible] پرندے تہے اندرون سال چالیس مرغ و باز خریدی گئے جسکا مجموعہ [illegible] ہوا مگر سال زیر رپورٹ مین بائیس باز وغیرہ مر گئے [illegible] مرغ باو چیخانہ سرکاری مین صرف اور انہین مین سے چند نیلام بہی ہوئے اب [illegible] پرندے موجودات مین ہین امسال اس کارخانے مین [illegible] روپیہ صرف ہوا - جسکی تفصیل یہہ ہے -

دانہ و نگہداشت جانوران	[illegible]
تنخواہ عملہ و افسران و قیمت خرید جدید وغیرہ	[illegible]

اس کارخانے مین کسی قسم کی آمدنی نہین ہوتی ہے -

اسلحہ خانہ عام

اس کارخانے مین مختلف قسم کے اسلحہ موجود ہین اور سال زیر رپورٹ مین کچہہ کمی و بیشی نہین ہوئی - اسلیے فوج کے اسلحہ کی بہنگام ضرورت اس کارخانے سے ردوبدل

کیجاتی ہے اور مستاجرون کو بعد حصول لائسنس بغرض حفاظت زراعت بہ شرط استدعا اس کارخانے سے اسلحہ دی جاتے ہین - ملازم ہر طرف کے اسلحہ اس مین داخل ہوتے ہین اس اسلحہ خانے مین کوئی نفیس و کمیاب ہتھیار نہین ہے -

سال زیر رپورٹ مین تنخواہ صیقلگر و آہنگر و دیگر ملازمین متعلقہ و مصارف متفرقہ مین [illegible] روپیہ صرف ہوا

آمدنی سال حال مین اس کارخانے کے کاغذات واصلباقی نویس [illegible] ہے اور سال گذشتہ مین [illegible] تھے اسلیے بمقابلہ گذشتہ بیشی ہے

فراش خانہ

موجودات ختم سال پر	
خیمہ و شامیانہ و شطرنجی و پلنگ وغیرہ	[illegible]
خرید اندرون سال	[illegible]
کل	[illegible]
نیلام سامان بوسیدہ	[illegible]
باقی ختم سال پر	[illegible]

امسال خرید جدید و مرمت و تنخواہ خلاصیان و دیگر اخراجات متفرقہ وغیرہ مین [illegible] روپیہ خرچ پڑا - تنخواہ عملہ مین [illegible] روپیہ مزید برآن جسکا مجموعہ [illegible] روپے ہوا - اس کارخانے مین خلاصی مع مفر مختلف مواجب کے ملازم ہین جنکا سالانہ

خرچ سمالعہ ہے۔ گزشتہ سال مین دیوان صدر کے کاغذات سے باستثنائی تنخواہ خرچ ممالعہ روپیہ ہوا تہا۔

تقریباً امسال سمالعہ کی بیشی ہے جو خرید جدید مین بمقابلہ گذشتہ زیادہ ہوا۔

نیلام اشیاے از کار رفتہ سے امسال الالعہ کی آمدنی ہوئی۔ گذشتہ مین صرف ماللعہ ہوئی تہی۔

کنول خانہ

ختم سال پر عالعہ لیمپ جہاڑ ہانڈی فرنیچر وغیرہ موجود تہے۔ سال زیر رپورٹ مین خرید جدید سے الالعہ کا اضافہ ہوا جسکی مجموعی تعداد للالعہ ہوتی ہے۔

اسمین سے ماعہ بوجہ نیلام اور ٹوٹنے وعطیہ کے کم ہوکر للعہ باقی ہے

کل خرچ سال تمام کا مجموعہ للعمالعہ ہوتا ہے جسکی تفصیل یہہ ہے

تنخواہ افسران وعملہ	ممالعہ
تنخواہ کہاران وصرف روشنی وخریداشیاء آلات	للعمعہ
کل	للعمالعہ

سال گذشتہ مین تقریباً معہ باستثنائے مصارف روشنی خرچ پڑا تہا۔ چونکہ قسم سال حال مین داخل ہے علاوہ اسکے بیشی کا باعث خرید جدید اسباب شیشہ وآلات کا بیان کیا گیا ہے۔

خارج واز کار رفتہ اسباب کے نیلام سے آمدنی امسال [illegible] روپیہ ہوئی-
گذشتہ سال کی آمدنی صرف [illegible] تھی-

تازی خانہ

اس کارخانہ مین [illegible] جوڑی ڈور شکاری کتون کی ختم سال پر موجود تھے-
اندرون سال بذریعہ خرید جدید وتحائف وپیدائش [illegible] دور کا اضافہ ہوا
جسکا مجموعہ [illegible] ہوا منجملہ اسکے [illegible] کی کمی حسب تفصیل ہوئی-

نیلام	عنایات	فوت	میزان
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اب صرف [illegible] ختم سال پر کارخانہ مین موجود پائے گئے- انکی خورونوش و
نگہداشت وغیرہ مین [illegible] حسب تفصیل ذیل خرچ پڑا-

راتب	قیمت خرید جدید	تیاری اسباب	میزان
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اسکے علاوہ تنخواہ خاکروبان مین [illegible] خرچ پڑا جسکا مجموعہ [illegible]
ہے- سال گذشتہ مین مجموعہ [illegible] خرچ ہوا تھا- [illegible] امسال خرچ
مین جو کمی پڑی ہے وہ چندان قابل لحاظ نہین ہے-
بذریعہ نیلام کتون کے امسال [illegible] کی آمدنی ہوی ہے-
گذشتہ سال مین صرف دو روپیہ آمدنی ہوی تھی-

چڑیا خانہ

یہان مختلف قسام کے طیور آخر سال پر للعہ موجود تھے - اندرون سال چار مر گئے موجودات مین اسوقت دللعہ موجود ہین - انکے خور ونوش مین امسال للعہ روپیہ اور تنخواہ ملازمین خدمتے مین ماعہ روپیہ مجموعاً للعہ روپیہ صرف ہوا -

دار الاخبار

اس صیغے مین ایک سو دو آدمی ملازم ہین - جو ہرکارہ کے نام سے پکارے جاتے ہین منجملہ اسکے تعداد کے ارد لی سرکار مین رہتے ہین - باقی معہ محکمہ جات شہر اور تحصیلات وتہانہ جات ودیگر ضروری مقامات مین متعین ہین - اونکے فرائض مین داخل ہے کہ روزانہ اخبار قابل اطلاع سرکار اپنے افسر کے پاس پہونچاتے رہین مفصلات کے ہرکارون کے پرچے بذریعہ ڈاک آیا کرتے ہین -

اسکے افسر میر علی حیدر سپرنٹنڈنٹ کارخانہ جات سے متعلق ہے انکی ماتحتی مین اس کام کے لیے جو محرر دیا گیا ہے وہ روزانہ اخبار کو اپنے رجسٹر مین درج کر کے اوسکی نقل بغرض ملاحظہ سرکار تیار کرتا ہے جسکو میر علی حیدر سررشتہ دار صدر کے پاس ملاحظہ سرکار مین پیش کرنیکے لیے بھیجدیتے ہین - جو خبرین قابل تحقیق ولحاظ ہوتے ہین اونکی کارروائی بتوسط افسران وعہدہ داران متعلقہ حسب مناسب ہوتی ہے اس دار الاخبار سے ریاست کو بڑا نفع پہونچا ہے - سرکاری نفع ونقصان کے خبرین اکثر ملتی رہتی ہین - سال حال مین سے للعہ خرچ پڑا ہے گذشتہ سال کا خرچ دوسرے محکمون مین شریک تہا اسوجہ سے

رقم صحیح گذشتہ کی یہان نہین دکہائی جاسکتی۔

سررشتہ سپرنٹنڈنٹ کارخانجات

کل کارخانہا ے صدر الذکر کے کاغذات حسابی کی جانچ و تنقیح اس سررشتہ مین ہوا کرتی ہے۔ سال زیر رپورٹ مین اس کارخانہ کا خرچ الساہ ؁ پڑا ہے۔ گذشتہ مین اسی رقم کے قریب قریب خرچ پڑا تہا۔ اخراجات بیکار و زائد سے روکنا اور ضروریات پر نظر رکہنا اس سررشتہ کے فرایض منصبی مین داخل ہے۔

نقشہ نمبر سلسلہ ۶ نمبر صیغہ ۱ سے کل کارخانہاے صدر الذکر کی موجودات کی تفصیل اور اخراجات کے نقشے نمبر سلسلہ ۷ و نمبر صیغہ ۲ سے ظاہر ہوتے ہین۔

ہر کارخانہ مین جب کوئی شخص ملازم جدید رکہا جاے یا تبدیل کیا جائے یا جب کوئی تحقیقات نسبت کسی مقدمہ کی ہو۔ یا اشیاء خارج کا نیلام کیواسطے نکالنا۔ یا طریقہ جدید نسبت انتظام تجویز کرنا۔ سپرنٹنڈنٹ کا کام ہے۔

امور مذہبی

مساجد و زیارات شہر کی مرمت اونکی آبادی و درستی کے لیے ایک کمیٹی شہر مین قائم کی گئی ہے جسکے ممبر علما اور بزرگان دین ہین۔

کمیٹی کو بیس روپیہ تک کسی ایک کام مین اپنی راے سے صرف کرنیکا اختیار دیا گیا ہے اس سے زیادہ خرچ کے لیے منظوری حاصل کرنا ہوتی ہے۔ اسیطرح مفصلات کے لیے ہر پرگنہ مین زیر انتظام تحصیلدار ایک کمیٹی مقرر کی گئی ہے جسکا کام مساجد کی مرمت و آبادی ہے

کوشش کرتا ہے چنانچہ سال زیر رپورٹ مین للعہ ؎ اس کام مین صرف ہوا ہے گذشتہ سال مین اسکا خرچ مصرف خیر مین شریک ہے اسکے علاوہ قدم شریف کے میلے مین امسال معہ ؎ روپیہ صرف ہوا ہے جو معاملات مذہبی مین داخل ہے

اوقاف

روساے سابق اور اونکے محلات نے اپنے نام سے حسب اقتضاے رائی خود کچھہ جائداد مین وقف چھوڑی ہین اونکی آمدنی سے حفاظ مقابر پر قرآن خوانی کے لیے نوکر ہین اور بقیہ دوسرے مصارف خیر مین خرچ کیے جاتے ہین نقشۂ ذیل سے تفصیل آمدنی وخرچ سال حال ظاہر ہے —

نام واقف	خرچ	آمدنی
وقف جنت آرامگاہ	للعہ ؎ ۱۶	للعہ ؎ ۲ ۲۵
وقف بہو بیگم	سالعہ ؎ ۱۵	الـ
وقف سکندر زمانی بیگم	اسالعہ ؎ ۱۴	اللعہ ؎
وقف خلد آشیان	معہ ؎ ۹ ۴	للعہ ؎ ۵ ۹۹

فوتی وپیدایش

سال زیر رپورٹ مین مردم شماری کا پورا انبدوبست نہتا اسلیے نقشہ نمبر سلسلہ ۹۸ نمبر صیغہ پر پورا اعتماد نہین ہوسکتا ہے تاہم جو کچھہ مفصلات کے نقشہ سے مرتب معلوم ہوتا ہے یہ ہے —

آبادی مین تقریباً ۸ فیصدی ولادت اور ۵ فیصدی فوت ہی آبادی
جدید کی تعداد ۸ اور اونکی جو دوسری علاقون مین جاکر آباد ہو سامع ہے
امسال کونسل ریجنسی مین اسکے اہتمام ضروری کی تجویز پیش ہے امید ہے کہ سال آیندہ
کی رپورٹ اس صیغہ کی قابل اطمینان ہوگی۔

مراسم و دستورات

اس ریاست سے ریاستہای ذیل سے مراسم و اتحاد و یکجہتی بسلسلۂ رسل و رسائل عہد
نواب خلد آشیان سے جاری ہین۔

اجیگڈھ۔ بنارس۔ بڑودہ۔ اندور۔ پٹیالہ۔ دہولپور۔ نادون۔ گوالیار
جوناگڈہ۔ جاورہ۔ رتلام۔ کپورتھلہ۔ ٹونک۔

علاوہ ریاستہای صدرالذکر کے اور بہت سی ریاستون سے مراسم اتحاد قائم ہین
جنکی تفصیل صرف طوالت ہے۔ اس سال کے ختم پر نواب عرش آشیان نوراللہ مرقدہٗ
کی تعزیت اور حضور پرنور نواب محمد حامد علیخان بہادر کی مسند نشینی کی تہنیت ہین
بہت سی ریاستون سے مراسلے موصول ہوی۔ ریاستون مین تقریب
تہنیت و تعزیت اس ریاست سے سفیر بہیجا جاتا ہے اور اسیطرح وہان سے بہی آیا کرتا ہے۔
سال زیر رپورٹ مین محمد اعظم خانصاحب اہلکار معزز ریاست پٹیالہ مہاراجہ پٹیالہ کی شادی کا
نیوتا یہان لائے تہے اور اونکے آنیکی خبر بذریعہ پیام تار برقی معلوم ہوی تہی اسلئے اسٹیشن
مرادآباد پر اونکے لیے یہان سے سواری بار برداری و دیگر سامان ضروری بمعیت ایک عہدہ دار

بغرض استقبال بہیجا گیا تہا یہان دیوانخانہ کے بالائی مکانات پر جو عمدہ و ضروری سامان
مرتب ہے فروکش ہوے صبحکو سرکار مین سلام و باریابی کا اتفاق ہوا - اونکی نذر
سرکار نے بنظر اونکی دلنوازی کے قبول فرمائی لیکن دم رخصت جب اونہون نے مکرر نذر پیش کی
تو چونکہ ایسے وقت نذر لینا اس ریاست کے دستور مین داخل نہین ہے اسلیئے نامقبول ہوئے
اور سرکار سے ہنگام رخصت خلعت مرحمت ہوا سواری وغیرہ کا مراد آباد تک سرکاری
اصطبل و بگہی خانہ سے بندوبست کیا گیا اور بعدہ منجانب سرکار محمد محمود علیخان صاحب رسالدار
اہلکاران ریاست مین سے منتخب ہوکر بغرض شرکت شادی مہاراجہ ممدوح الشان بہیجی گئی اور
اونکو پٹیالہ اسٹیشن پر سواری و باربرداری کا سامان ریاست کا بہیجا ہوا تیار ملا - مکان بہی
ضروری سامان سے اقامت کے لیے مرتب تہا - دوسرے روز مہاراجہ صاحب بہادر کی حضور مین پہنچے اور سلام
ہوا - مہاراجہ صاحب بہادر نے اس ریاست کے سفیر کی نذر ملاقات اول مین او نذر دم مراجعت بہی بلحاظ
مراسم اپنی ریاست کے قبول کی سفیر اور ہمراہیون کو خلعت عنایت فرمایا -

سفیر بڑودہ - و گوالیارہ و اندور و پٹیالہ و ٹونک بہی عہد عرش آشیانی مین آئے تہے

دستورات

مہاراجہ صاحب گوالیار اس ریاست مین رونق بخش ہوے تہے - ولیعہد بہادر سرکار کے
کمپ سے پل تک استقبال کے لیے تشریف لیگئے تہے اور معلے القاب نواب صاحب بہادر
شہر پناہ کے دروازہ تک بغرض استقبال تشریف لیگئے تہے -

مہاراجہ اندور کی تشریف آوری مین بہی اسی قاعدہ کا برتاؤ عمل مین آیا تہا -

سپاہ

نقشہاے نمبر الغایت (۵) سے تفصیل سپاہ کی ظاہر ہوتی ہے۔

رسالہ

رسالہاے اول لغایت چہارم رجمنٹ فتح جنگ ریاست ہین جنگی رسالے ہین اور مع رسالہ باڈیگارڈ کے قواعدان ہین انکا لباس باقاعدہ و درست ہے علاوہ لباس کے گہوڑون کا بہی سامان ہمہ جہت عمدہ اور اعلےٰ درجہ کا ہے یہہ اصلاح قریب قریب کل سال زیر رپورٹ ہین ہوی ہے۔ یہہ رسالے گو قواعد دان پہلے سے تہے مگر امسال اسکی طرف توجہ خاص رہی ہے اور نتیجہ اچہا نکلا ہے۔

پلٹن

پلٹن ہین مع للیٹ نفر شاگرد پیشہ کے ۸۶۰ آدمی مع عہدہ دار سپاہی ہین لباس اسکا بہی مثل رسالون کے باقاعدہ ہے اور درست اور جنگی سپاہ ہین داخل ہے بوجہ خاص اسکے پوری قواعددان ہونیکی وجہہ سے اس پلٹن نے غیر متوقع ترقی قواعددانی ہین کی ہے جو قابل القدر ہے۔

اسکے علاوہ ایک پلٹن گورکہا ہے یہہ لوگ مضبوط محنتی جفاکش مستعد ہین اور سب قواعد دان ہین۔

بینڈ

بینڈ ہین مجموعًا ۱۶ آدمی ہین اور معمولی کام بینڈ کا دیسکتے ہین۔ نیا سامان بینڈ کا بہی

آٹھ ہزار روپیہ کا ولایت سے عرش آشیان نے منگایا ہے اور لایق بینڈ ماسٹر نے بہت ترقی دی ہے۔ تکمیل تعلیم کی کوشش ہو رہی ہے۔ اسکے علاوہ ایک قدیم باجہ طنبور کا ہے جس مین ۲۰ آدمی نوکر ہین اور اپنا کام دیتے ہین۔

جیل و پولیس کمپنی

جیل کمپنی اوس سپاہ سے عبارت ہے جسکے متعلق محبس کی حفاظت ہے یہہ کمپنی محبس مین شب و روز حاضر رہتی ہے۔ اور نوکری کرتی ہے۔ اسکی مجموعی تعداد مع افسر و سپاہی کے ایک سو دو ۱۰۲ ہے۔ ریزرو پولیس کمپنی وہ سپاہ ہے جو سرکاری کارخانون اور خزانون مین پہرہ چوکی کے لیے مقرر ہے اسکی مجموعی تعداد ۱۱۶ جوان ہین اسمین سے پہرہ جات پر ہین اور باقی لین مین حاضر رہتی ہین

سالے غول

یہہ رسالے اپنے رسالدارون کے نام سے مشہور ہین جنکی تعداد سات ہے جس مین زیادہ سے زیادہ مجموعًا ۱۱۶ نفری کی تعداد اور کم سے کم ۷۲ ہے۔ یہہ کل رسالے قدیمی ہین جنکی ترتیب وردی وغیرہ سب چیزون کی اصلاح اس عہد مین ہوئی ہے

توپخانہ

اس مین مجموعًا ۱۱۶ جوان ہین جو قدیم توپ کے کامون مین تعلیم یافتہ ہین انکا لباس بھی بمقابلہ گذشتہ اب بہت درست ہو گیا ہے نقشہ نمبر کے ملاحظے سے

سپاہ کی آلات حرب سزا و صلہ و تعلیم و مدت ملازمت کی کیفیت واضح ہے۔

اپریل ۱۸۶۶ء مین نواب سر اکلینڈ کالون بہادر لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی اور چند چیدہ افسران فوج کے سامنے ریویو ہوا اوردی اور اسلحہ اور قواعد سب کا ملاحظہ ہوا اور نواب صاحب موصوف کو مسرت ہوئی۔ اس صیغہ فوج مین ایک نمایان ترقی بسرکردگی جرنیل محمد اعظم الدین خان بہادر ہوئی ہے سب سامان اونکا مثل افواج سرکار انگریزی کے قریب قریب درست ہے اور سلسلہ مشق و قواعد ہمیشہ بڑی سرگرمی سے جاری ہوتا ہے آرام طلب سپاہی اصلا نہین ہین سن رسیدہ اور نام کے سپاہی الگ کیے گئے مضبوط اور چاق کام پر ہین۔

نواب محمد کلب علیخان بہادر اور نواب مشتاق علیخان بہادر دونون رئیسون نے مختلف اوقات پر معرفت لوکل گورنمنٹ کے اپنے کل سامان ریاست و سپاہ وغیرہ کو واسطے اعانت و بجاآوری خدمات سرکار گورنمنٹ آف انڈیا بہنگام مقابلہ سرحدی پیش کیا تھا اسبارہ مین جو خط وکتابت اور تشکر منجانب گورنمنٹ عالیجاہ ہوی دفتر سرکار مین موجود ہے۔

پولیس

پہلے اسے حصہ فوج کو پولیس کہا کرتے تھے جو معمولی کام کرنیکے بعد اپنے ذاتی کامون مین اکثر مصروف ہوجاتے تھے اور خاص ضرورتون کیوقت مین اپنے مقام تعیناتی پر کم ملا کرتے تھے۔ گو وردی شناخت ملازمت کی اونکو دیجاتی تھی مگر

اوسکا استعمال مناسب طور پر نہ ہوتا تہا۔

سپرنٹنڈنٹ پولیس لکہتے ہین کہ ملازمین پولیس اکثر ایسے خراب صورت مین نوکریون پر پائے گئے جو شان ملازمت چہپائے ہوئے تہے۔ انسداد جرائم اور عام انتظامی حالتون کا انحصار پولیس کی کوششون پر تہا بدمعاشون کو پولیس کی بیدردی اور نامنصفانہ کارروائیون نے خوف مین ڈال رکہا تہا جرائم سنگین کا وقوع عادتی افعال سمجہے جاتے تہے اور بدنظمی مین داخل تہے۔ واردات کی خبر سنتے ہی فوراً موقع پر پہونچنا اور اوسکی تحقیق وتفتیش کرنا لازمی وضروری نہ تہا ملازمین پولیس کی تعداد و مدارج کا تعین بہی نہ تہا۔

صاحبزادہ جنرل اعظم الدین خان بہادر جو اس انتظام کو عرصہ دراز سے بنظر اکراہ دیکہ رہے تہے اور نواب عرش آشیان کے عہد مین جب خدمت مدار المہامی سے سرفراز ہو تب اونہون نے دوسرے مختلف رشتون وصیغون کی اصلاح کیساتہ اس سررشتہ کی طرف بہی اپنی توجہ خاص مبذول فرمائی۔

ایک کارکردہ اہلکار کو پولیس کی سپرنٹنڈنٹی کے لیے بہم پہونچایا اور ضروری اصلاح کو نہایت سہولت کیساتہ بوجہ احسن انجام کو پہونچایا۔

اب ملازمین نے ہر قسم کی قواعد کو رضامندی کیساتہ نہ صرف قبول کرلیا ہے بلکہ سیکہنے پر آمادہ ہین اور اکثرون نے سیکہ لیا ہے۔

ملازمین کو متواتر ترقی اور انعام نے آسودگی کا امیدوار کر رکہا ہے

حاضرباشی اور اپنے فرائض منصبی مین جانفشانی جیسی کہ پہلے ناگوار تہی اب اونکے
عادتی کامون مین داخل ہوگئی ہے۔
واردات کی خبر ملتی ہے پولیس موقع پر پہونچکر تحقیقات وتجسس مین مصروف
ہوجاتا ہے۔
سپرنٹنڈنٹ پولیس لکھتے ہین کہ بلحاظ جدت انتظام امسال انسداد جرائم وگرفتاری
مجرمین کا بمقابلہ سالہاے گذشتہ بہتر ثابت کرنا اسوجہ سے مشکل ہے کہ سالہاے
گذشتہ مین مقدمات جو غلط فہمی سے قائم ہوے یا کسی خاص وجہ سے خلاف واقعات
دائر کیے گئے اونکے خارج کرنیکا طریقہ اسی سال انتظامی مین جاری ہوا ہے
بازیافتگی مال جو بعد دلانے زرمعاوضہ چوکیداران قائم کی جاتی تہی اسی سال سے اوسکا
بازیافتگی مین شمار نہین ہوا ہے۔
بدمعاشان سزایافتہ سابق اور مجرمین مفرور جسقدر ضروری نگرانی سے بچے ہوے
تہے اوسیقدر اب زیر نگرانی ہین۔ اسلیے کہ صاحب والا سپرنٹنڈنٹ بہادر کے
ایما سے اہتمام بلیغ سے ایسے اشخاص کے رجسٹر مرتب کیے گئے ہین اور بہت سے
آدمی جدید طریقہ نگرانی کی رو سے گرفتار ہوچکے ہین۔
چوری مویشی کی شکایت ریاست مین کثرت سے سنی جاتی تہی اور معمولی جرائم مین یہ
چوری بہی داخل تہی حالانکہ مویشیون کی چوری کا اثر ملکی حالت پر چہاپا پڑتا ہے ظاہر ہے
اسی لیے صاحبزادہ جنرل محمد اعظم الدین خان بہادر نے اس جرم خاص کے لیے قواعد خاص مرتب اور

جاری کیئی ہین - اور ایک خاص کمیٹی مین بمقام مراد آباد بموجودگی ڈپٹی انسپکٹر جنرل ممالک مغربی و شمالی واودھ گرفتاری مویشیان وحوالگی مجرمین کے متعلق مابین حدود ریاست و اضلاع سرحدی باہمی اتفاق کے وسائل معین ہونیکی کوشش کی ہے -

سپرنٹنڈنٹ پولیس ایسے موقع پر اس امر کا افسوس کرتے ہین کہ اکثر اوقات ملازمین پولیس اضلاع بریلی و ترائی کے ناجائز طور پر حدود ریاست مین دخل اور رعایاے ریاست کو بیجا آزار پہونچاتے ہین او نیز بیموقع کاروائی کرتے ہین جسکی اطلاع وقتاً فوقتاً صاحب پولیٹیکل ایجنٹ و نواب لفٹنٹ گورنر بہادر کو کی گئی ہے اور امید ہے کہ امسال یہہ شکایت رفع ہوجائیگی -

پولیس ضلع مراد آباد و بدایون سے امسال کہ اس ریاست کے پولیس کو اچھی مدد ملی اور یہان سے بہی اوسکا معاوضہ خوب تر عمل مین آیا - امید ہے کہ دیگر اضلاع سے بہی جب اسیطرح پولیس یکدل ہوکر گرفتاری مجرمان مین کوشش و اعانت کرے تو مجرم یا مال مسروقہ کا پتہ جانا بہت دشوار نہوگا -

اصلاحات جدید کی یہہ فہرست ہے

١- ـــــ ـــــ ـــــ ـــــ تعین تعداد و مدارج

٢- ـــــ ـــــ ـــــ ـــــ تجویز وردے

٣- ـــــ ـــــ ـــــ ـــــ تعین اوقات حاضری وگشت پولیس

٤- ـــــ ـــــ ـــــ ـــــ تعین اوقات حراست

۵ — ــــــــــ علیحدگی زیر بند وکا ہٹہ (جو مجرمین زیر حراست کے لیے تہا)

۶ — ــــــــــ تحقیقات مقدمات بر موقع بجاے مقام تہانہ متعلقہ

۷ — ــــــــــ انسداد تصفیہ مقدمات سرقہ بذریعہ زر معاوضہ

۸ — ــــــــــ ترتیب فہرست مجرمین سزایافتہ سابق و مفرور

۹ — ــــــــــ ترتیب قواعد سرقہ مویشی

۱۰ — ــــــــــ انسداد منظوری راضی نامہ بجرائم سنگین و فصل خصومات بذریعہ تہانہ داران

۱۱ — تیاری رجسٹر اور نقشون کی حسب نمونہ مروجہ ممالک مغربی و شمالی

۱۲ — ــــــــــ تعین مناسب حد و داراضی تہانجات و تیاری نقشہ ہاے تہانہ

۱۳ — ــــــــــ دس بارہ دیہہ مین ایک چوکیدار ہونیکی جگہہ دیہہ بدیہہ چوکیدارون کا تقرر

۱۴ — ــــــــــ تقرر جدید ہیڈ کانسٹیبل تحقیقاتی بغرض اعانت تہانہ دار

۱۵ — ــــــــــ تقرر سررشتہ پولیس جداگانہ

۱۶ — ــــــــــ ترتیب قواعد خاص بغرض قیام اتفاق باہمی از اضلاع مرادآباد و بدایون

۱۷ — ــــــــــ ترتیب رجسٹر اشخاص سزایافتگان سابق

نقشہ نمبر کے ملاحظے سے واضح ہوگا کہ ہر تہانہ مین کتنے مقدمات اور اشخاص گرفتار ہو

جنکی مجموعی تعداد ۱۴۳۶ ہے

انمین سے ۳۵۴ سپرد عدالت ہو جہان ۲۰۶ ماخوذ و ۱۳۶ بری ہوے

بقیہ کا ابتک نتیجہ غیر معلوم ہے ان مقدمات مین اشخاص گرفتار شدہ کی تعداد ۵۰۷ ہے

اِن مین سے ۳۲ ۴۴ سزایاب اور ۵ ۳ ۲ بری ہوئے بقیہ کا نتیجہ پولیس کو ابتک معلوم نہین ہوا ہے۔ مال مسروقہ کی قیمت ماللعہ؁ ہے جسمین سے باللعہ بازیافتہ مین درج ہے۔

نقشے سے ظاہر ہے کہ سب سے زیادہ کام باستثناء کوتوالی شہر اس سال تھانہ ملک مین ہوا اور منجملہ مقدمات مفوضہ عدالت کے قریب دو ثلث کے سزایاب ہوئے اور ۲۵ مقدمات مفوضہ مین اشخاص کی تعداد بھی ۹۰ ہے نقشہ دکھارہا ہے کہ کام کی حیثیت سے ملک و شاہ آباد قریب قریب مساوات کے درجے پر ہے اور سب سے کم کام ٹانڈہ اور سوار مین ہوا ہے۔

نقشہ نمبر ۲ تفصیل جرائم اور اشخاص گرفتار شدہ بابت واردات سابق و سال حال کے دکھارہا ہے۔

جس مین سب سے زیادہ تعداد واردات سرقہ کی سال حال مین ہے جو ۹۹ ہے اسکے بعد ۶۳ تعداد نقب زنی کی ہے۔ اسکے علاوہ اور کسی جرم کی تعداد سیکڑے کو نہین پہونچی ہے وہانتک جن جرائم کے وقوع کا شمار پہونچا ہے اونکی تفصیل یہہ ہے۔

عفت مین خلل ڈالنا	۲۰
ضرر شدید	۲۰
سرقہ مویشی	۲۱
برآمد مال مسروقہ	۱۹

بدمعاشے ۳۵

داشتن اسلحہ ناجایز ۱۵

بقیہ جرائم کا وقوع دہائی کے اندر ہے اور بلحاظ رقبہ و آبادی ملک کے یہہ تعداد واردات کی ضرورت کم ہے کیونکہ مجموعی تعداد جیسا کہ اوپر ذکر ہوچکا ہے کل ۱۴۴۳ ہے سپرنٹنڈنٹ پولیس کی کارروائی ضرور قابل تعریف ہے۔

نقشہ نمبر ۳ سے تعداد مقدمات سرقہ موقوعہ یا قبل دو سال اور اونکی مالیت مسروقہ یہہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ ختم سال پر اسمین سے کتنے زیر سراغ باقی تھے اور اونمین کس مالیت کے کتنے مقدمات کا سال زیر رپورٹ مین سراغ لگا اور اس کارروائی مین تھانہ ملک کا کام سب سے زیادہ قابل تعریف ہے جہان ۲۳ مقدمات سرقہ کے زیر سراغ مالیتی مالللعہ باقی تھے اور کل کا سراغ و مال برآمد لگا۔

تھانہ بلاسپور مین تعداد باقی زیر سراغ مین صفر لگا ہوا ہے اور بقیہ تھانون مین سے صرف تھانہ شاہ آباد مین منجملہ ۲۵ مقدمات مالیت ۱۷۱۵ کے ایک مقدمہ ۵ کا سراغ لگا۔

نقشہ نمبر ۴ سے تفصیل تنخواہ و تعداد ملازمین و دیگر اخراجات سررشتہ کے ظاہر ہوتی ہے جسکی میزان کل از روی نقشہ تعداد نفری ۱۰۰ اور تعداد خرچ للعہ ۱۲،۱۵ ہے۔

نقشہ نمبر ۵ سے پولیس کے ہتھیارون کی تفصیل ملازمین کے حلیہ و سند او تعلیم و مدت ملازمت و علیحدگی کی کیفیات ظاہر ہوتی ہین۔

حوالگی و طلب مجرمین

نقشہ ہاے نمبر سلسلہ ۹ و ۱۰ اور نمبر صیغہ ۴ و ۵ سے واضح ہوگا کہ دس نفر علاقہ گورنمنٹ سے طلب ہو کر پونہچے اور پچیس ریاست سے گورنمنٹ کو بہیجے گئے۔

تعمیرات

ریاست کے قدیم سر رشتون مین یہ سر رشتہ بہی ہے جسمین ہر سال ہمیشہ رقم کثیر خرچ ہوتی رہی ہے۔ لیکن کوئی قاعدہ تنقیح کام کا مقرر نہ تہا نزدات مین ہزارہا روپیہ مہتمم تعمیر اور دیگر اہلکاران متعلقہ کے نام باقی حساب طلب چلا آتا تہا۔ کوئی عمارت قدیمہ چہوٹی یا بڑی قاعدہ اسپیسفیکیشن کی روسے درست نہ تہے دفاتر و کارخانجات کے مکانات نہایت تنگ اور بلالحاظ گنجایش و آسایش بنتی تہے یعنی جو نہ عملہ کے لیے کافی تہے اور نہ کارخانہ کی حیثیت و ضرورت کا وقت تعمیر لحاظ کیا گیا تہا نواب عرش آشیان کے عہد مین صاحبزادہ جنرل اعظم الدین خان بہادر نے بلحاظ اپنی واقفیت قدیمہ کے عہد مدار المہامی مین اسکے اصلاح کیطرف مثل دیگر سر رشتون کے توجہ خاص مبذول فرمائی گورنمنٹ انگلشیہ سے ایک تجربہ کار افسر اعلے ماہر فن صیغہ تعمیرات کے لئے مستعار چاہا اور گورنمنٹ نے مسٹر ڈبلو سی رائٹ ایکزیکیوٹیو انجنیر اودہ کے خدمات ریاست کو عطا فرمائین۔

(جو روہیلکہنڈ مین ایک عرصہ تک ماموررہے تہے) صاحب موصوف کے داخل ہونیکے بعد اس سررشتہ مین ہر قسم کے کامون کی اصلاح شروع ہوئی۔ ضروری عمارتہاے جدید کے بنیاد پڑی۔ بہت سے جدید سڑکین نکالنے کے بنظر رفاہ عام تجویزین پیش ہوئین اور اون مین کام شروع کیا گیا ہر مختلف کام جو سال زیر رپورٹ مین ہوا اوس کی تفصیلی حقیقت نقشہ نمبر صیغہ لے سے ظاہر ہوتی ہے۔ جسکا گوشوارہ ذیل مین ہے

نمبر شمار	نام کام	خرچ سال تمام
۱	تعمیر جدید	یک لک [illegible] ۱۳ ر ۲ پائی
۲	سڑک	[illegible] ا ر ۲ پائی
۳	ترقی عام	[illegible] ۸ ر ۳ پائی
۴	صفائی و نکاسی آب شہر	[illegible] ۳ ر ۹ پائی
۵	آبپاشی	[illegible] ۴ ر ۷ پائی
۶	ذات خاص	[illegible] ۳ ر ۶ پائی
۷	متفرقات	[illegible] ۹ ر ۹ پائی
۸	مرمت	یک لک [illegible] ۳ ر ۳ پائی
۹	تنخواہ	[illegible] ۴ ر ۳ پائی
	میزان	دو لکھ [illegible] ۴ ر ۳ پائی

تعمیرات جدید (۱)

گوشوارہ بالا سے واضح ہے کہ تعمیرات جدید مین امسال مجموعًا ۳ لاکھ روپیہ
صرف ہوا جسکے اجزا کی تفصیل نقشہ نمبر ا سے واضح ہے ان عمارتون مین
مہمان خانہ و اصطبل دو بڑی عمارتین داخل ہین جسمین علے الترتیب روپیہ
اور روپیہ خرچ ہوچکا ہے مہمان خانہ ایک عالیشان اور خوش قطع
عمارت قریب الختم ہے کہ قابل دید ہے خوش قسمتی سے اسکو مقام بہی عمدہ ملا ہے
جو قلعہ مبارک کے توپ دروازہ کے سامنے واقع ہوا ہے۔ ریاست مین ایسے
ایک مہمان خانہ کا ہونا بہت ضروری تہا۔ اصطبل قدیم ایسا تنگ وخلاف قاعدہ
تہا کہ گہوڑے اور ملازمین اصطبل جنکا وہان رہنا لازمی ہے ہمیشہ ناساز رہا کرتے
تھے نواب عرش آشیان کو اوسکی قطع بہی نہایت ناپسند تہی اسلیے باقتضاے
مرضی مبارک ایک اصطبل جدید کی بنا ڈالی گئی جو اب ایک عمدہ اور شاندار
عمارت ہے ہر جانور و اسباب کے لیے کافی وسعت کے مکانات بنائے گئے ہین اور
عمارات جدید مین یہ عمارت بہی دیکہنے کے قابل ہے۔ اور زمانہ کی رفتار کی ترقی کا
اچہا نمونہ ہے شکر ہے کہ اس سال رپورٹ کے بعد یہ مکان قریب اختتام پہونچا
رسالہ اور پلٹن گورکہا کے لیے باقاعدہ انگریزی لائنس جدید بنائی گئی ہین
ایک ڈاک بنگلہ مناسب مقام پر آبادی سے باہر خوش آب وہوا جگہ تجویز کرکے
جدید بنایا گیا ہے جسمین ششماہی دوم مین روپیہ صرف ہوا

کچہری مین نہانہ جدید اور مقام ہنوائی و دہمورہ مین جدید سرائین تیار ہو رہی ہین جنکی بلحاظ آسایش مسافرین سخت ضرورت تہی ۔

سڑک (۲)

قدیم سڑکین ایسے خراب و خستہ حالت مین تہین کہ برسات درکنار موسم خشک مین بہی گاڑی و بہل وغیرہ کا گذر نہایت دقت سے ہوتا تہا بارش مین تو آمد و رفت بند ہو جاتی تہی ۔ صاحب والس پریذیڈنٹ کی تحریک و تجویز سے بہت سی جدید سڑکین محالات اور مفصلات مین نکالی گئین اور قدیم سڑکون کی بقدر ضرورت مرمت اور اکثر اونہین سے بلند کی گئی ہین ۔

ترقی عام (۳)

یہان ایک بہت بڑی رفاہ کے کام کا جو خاص شہر رامپور کے لیے بنایا گیا ہے ۔ ذکر کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے یعنی دریا کوسی جو آبادی سے متصل واقع ہے ہر سال اسکے جوش سیلاب سے مکانات و سکنا شہر اور دیہات ملحقہ کو بہی بہت بڑا نقصان پہونچایا کرتا تہا جان و مال کا ضایع کرنا اسکا معمولی کام تہا اکثر موسم بارش ایسا گذرا ہوگا صدہا بلکہ ہزارہا جانون کو اس سے سخت تکلیف نہ پہونچتی ہو اور اونکے مالون کو اسنے برباد نکیا ہو سیکڑون کو یہ ندی اپنے جوش سیلاب سے ہر سال اپنا مقتول بناتی رہی ہے اور صاحبزادہ جنرل اعظم الدین خان بہادر کا یہ ایک معمولی سالانہ کام تہا کہ موسم بارش مین جب سیلاب آتی سرکاری فیل خانہ سے ہاتہیون کو ساتہ لیکر موقع پر جاتین

اور سیلاب مین بہتے ہوے جانون کو بچانے کے لیے نہ صرف ہاتھیون کو چھوڑین بلکہ خود بہی عین حالت جوش سیلاب مین کود کر اپنی مشق شناوری سے ننہے ننہے بچے اور ہر صنف کے بڈہے اونچو اُن کی جانون کو ڈوبنے سے بچائین اور دوسرے لوگون کے لیے اس کار نیک کرنیکی ترغیب و تحریص کے باعث ہون - اب اس جانون کے دشمن سے بچنے کے لئے صاحبزادہ ممدوح نے مسٹر رائٹ چیف انجنیر ریاست کو اسکے اہتمام و بندوبست کے لئے متوجہ کیا - اور ایک نہایت بلند سڑک بنام نہاد محافظت سیلاب کو سی بنائی گئی جس سے امید ہے کہ اب یہ ہر سال ڈوبنے والی جانین گرنیوالے مکانات مصیبت و تکلیف اوٹہانیوالے اسکنا اوس سے مستفید ہونگے - امتحان اس سڑک کا آیندہ برسات پر منحصر ہے - اس سڑک سے حفاظت سیلاب بہی ہوگی اور ایک سیدہا راستہ شہر سے مراد آباد و ہمایون باغ کو ملیگا دروازہ جدید جو کہولا گیا اوسکو نواب دروازہ موسوم کیا گیا اور سڑک کے بانی چونکہ جرنیل صاحب ہین وہ جرنیلی سڑک کے نام سے مشہورہ ہوئی - یہی سڑک دلکشا باغ کی حد ہے

(۴) صفائی و نکاسی آب شہر

آبادی شہر مین بارش کے موسم مین ہر جگہہ پانی ٹہیرا رہتا تہا اور باوصف راستہ کے پانی اسوجہہ سے کہ آبادی نشیب مین واقع ہوئی ہے باہر نہین جاتا تہا اب آبادی کا لیول درست کیا جاتا ہے اور اس عامہ تکلیف سے مخلوق کو بچانیکے لیے صاحبزادہ محتشم الیہ ہمہ تن مصروف ہین چنانچہ سال حال مین [illegible]

اس کام مین صرف ہو چکا ہے

(۵) آبپاشی

صیغہ آبپاشی کا تعلق من کل الوجوہ صیغہ مال سے ہے لیکن تعمیر کارہاے جدید یہ صیغہ تعمیرات سے متعلق ہین جسمین گول وغیرہ کی تعمیر مین امسال ایک ہزار روپیہ صرف ہوا ہے

(۶) ذات خاص

اس مد مین وہ کارہاے تعمیر داخل ہین جو ریاست کے نفع نقصان سے جدا اور سرکار و لواحقین سرکار کے ذاتی آرام و آسایش کے لیے بنائے گئے ہین

(۷) متفرقات

متفرقات مین وہ رقوم داخل ہین جو شہر کے سرکاری متفرق مکانات کی مرمت وغیرہ مین خرچ پڑا ہے

(۸) مرمت

صاحب چیف انجنیر لکھتے ہین کہ عمارات واقع حدود ریاست و بیرون ریاست سب ایسے دیکھی گئین جنکی تعمیر نہایت ناپایدار تھی پرانی عمارت کوئی ایسی نہین جو مرمت کی محتاج نہو جس مکان مین خفیف مرمت شروع کی گئی اوسکو قریب نصف کے ازسرنو گویا بنانا پڑا - کمتر مکان ایسے ملے جنکی چھتین برسات مین ٹپکتی نہون مکانات بلند اور اونکے آثار نہایت کم پائے گئے دیوارون مین صرف

دونون کنارون پر دو اینٹین اور اوسکے درمیان مین مٹی اور روڑے بہرے ہوے ملے انکی بقدر ضرورت جہانتک ہوسکا اصلاح کیگئی نہر جدید جو نواب عرش آشیان کے عہد مسند نشینی مین کہولی گئی تہی اور انحصار پیداوار کا زیادہ تر اسی کے پانی سے متعلق ہے اسکی درستی و صفائی مین اور اسکے عمدہ اور وسیع پل بنانے مین بہت روپیہ صرف ہوا جسکی مجموعی میزان [illegible] لاکھ روپیہ ہے بقیہ روپیہ اس مد کا کارخانجات اور سڑکون وغیرہ کی مرمت مین صرف ہوا جسکی تفصیل نقشہ سے ظاہر ہے

(۹) خرچ تنخواہ صیغہ تعمیرات

گوشوارہ سے ظاہر ہے کہ تنخواہ مین ایجمالاً [illegible] لاکھ روپیہ صرف ہوا ہے جسمین گھاٹ چیران وغیرہ بہی داخل ہے اور [illegible] روپیہ ماہوار تنخواہ صاحب چیف انجنیر بہی شامل ہے اور بنظر وسعت کار ہاے تعمیرات مقامات مختلف و مفاصل بعیدہ سو سو دو دو سو روپیہ ماہوار کے ملازم واقف کار اس صیغہ مین رکہے گئے ہین اور باوصف اسکے نگرانی کے لیے اہلکار کافی نہین ہین اور واقف کار لوگون کو بہم پہونچانے اور رشتہ ملازمت مین داخل کرنیکی تجویزین پیش ہین —

اس ریاست کے لوگ صرف دو مکانات یعنی مہمان خانہ و اصطبل کی تیاری دیکہکر سمجھ گئے اور جان گئے کہ کاردان اور تعلیم یافتہ افسر کی زیر نگرانی جب کوئی عمارت بنائی جاتی ہے تو اوسکو کسقدر تفوق ہے اون عمارتون پر جو محض اظہری نقشون سے

اور سڑک سیلاب اور چند مکانات دو ان ہین کرتے تیار مستری اور پل نالون

چہوٹے کامون کے بنانے سے رایٹ صاحب نے ثابت کردیا کہ عمدہ اور شاندار عمارت اور دیگر کام کس کفایت شعاری سے ہوسکتے ہین اگر افسر بالادست لایق ہو اور پوری نگرانی کرے

صاحب موصوف نے نذرات کا قاعدہ بہی بالکل دور کیا۔ یعنی کسی عمارت کیواسطے اب پیشگی روپیہ خزانہ سے نہین دیا جاتا ہے۔

کل کام ٹہیکہ دارون سے بنوائے جاتے ہین۔ اور بعد ناپ و پڑتال ہر کام کی بابت وقتاً فوقتاً بموجب بل روپیہ ٹہیکہ دارون کو خزانہ سے ملتا ہے۔

حسن سلیقہ اور کفایت شعاری کے علاوہ یہ بہی بڑے شکر کا مقام ہے کہ رایٹ صاحب نے رامپور کو کاریگرون۔ ٹہیکہ دارون ملازمان تعمیرات و عامہ رعایا کے ساتھ جن سے واسطہ پڑا ایسا برتاؤ کیا کہ کوئی شاکی نہ ہوا مزدورون کو زر اُجرت اچھی طرح دیا گیا کوئی شکایت اس بارہ مین پیش نہین ہوئی۔

صاحب نے نہایت کوشش سے ریاست کے اون مقامات کو دیکھا جہان اصلاح و تعمیرات کی ضرورت ہے۔

نواب عرش آشیان نے بارہا صاحب کے انتخاب سے اظہار مسرت کیا۔

اور کونسل اونکی خدمات سے اسوقت تک راضی اور مطمئن ہے۔

نقشہ جات متعلق حصہ اول

نمبر سلسلہ	نمبر صیغہ	نام نقشہ
۱	۱	فہرست باغات ڈ ایلحاقہ۔
۲	۲	نقشہ آمدنی ذات خاص۔
۳	۳	نقشہ خرچ ذات خاص۔

فہرست باغات ڈالیخانہ

نمبر شمار	نام پرگنہ	نام باغ	نمبر شمار	نام پرگنہ	نام باغ
۱	حضور تحصیل	باغ ککروا	۱۵	حضور تحصیل	باغیچہ امینہ بیگم
۲	//	باغ نانکار	۱۶	//	باغ ڈاک بنگلہ
۳	//	باغ کچھپا	۱۷	//	موتی باغ
۴	//	باغیچہ حیدری	۱۸	//	درختان سڑک بینظیر
۵	//	باغ مقبرہ نواب فیض خان	۱۹	//	باغ سردار بہادر ظالع یار خان و غلام حضرت خان
۶	//	باغ حکیم والہ	۲۰	//	باغ نظام علیخان
۷	//	باغ کنڈے والہ	۲۱	//	باغ پیرزادہ والا
۸	//	باغ میر باز خان	۲۲	//	باغ جمو والا
۹	//	باغ نیاز علیخان	۲۳	//	باغ دلکشا
۱۰	//	نادر باغ معروف بہ روشن باغ	۲۴	//	ملک والہ باغ
۱۱	//	باغ خزانخان نراین والا	۲۵	//	باغ مجہ خان
۱۲	//	خسرو باغ	۲۶	//	باغ سردو دہی نصیر خان
۱۳	//	باغ کھمبی	۲۷	//	باغیچہ قمر الدین خان
۱۴	//	[illegible]	۲۸	//	[illegible]

نمبر شمار	پرگنہ	نام باغ
۲۹	حضور تحصیل	باغ ہزارہ
۳۰	"	باغیچہ سوری واصل خان
۳۱	"	باغ مرشد آباد
۳۲	"	باغ جدید متصل بنیظیر
۳۳	"	انگوری باغ عرف باغ کرم خان
۳۴	ملک	باغ اسد اللہ خان
۳۵	"	باغ طوطا رام
۳۶	"	ہیگا سنگلہ
۳۷	"	باغ بیرا
۳۸	شاہ آباد	باغ سیفی
۳۹	"	یوسف باغ معہ آراضی

نقشہ آمدنی وخرچ ذات خاص

من ابتدائے - اپریل ۱۸۸۸ء لغایت مارچ ۱۸۸۹ء

مصارف

محلات وغیرہ	[illegible]
جیب خاص	دو لکھ [illegible]
توشہ خانہ	[illegible] و ۱۲ اشرفی
باورچیخانہ	[illegible]
چوبدار ونقیب	[illegible]
کتب خانہ	[illegible]
ارباب نشاط	[illegible]
مصاحبین وغیرہ	[illegible]
شاگرد پیشہ	[illegible]
پالکی خانہ	[illegible]
ذات خاص	[illegible] یک اشرفی

باغات	[illegible]
عنایات	[illegible] ۲۵ اشرفی
تقاریب	[illegible]
مصرف خیر مع محتاج خانہ	[illegible]
عنایات ڈاکٹر صاحب	[illegible]
مصارف متفرقات مستندی	[illegible]

میزان میں مقدار [illegible] کی چھوڑ دی گئی

[illegible] اشرفی

نمبر سلسلہ ۲ — نمبر صیغہ ۱

آمدنی

نذر حضور پرنور	[illegible]	[illegible] عدد اشرفی
نذرانہ بندوبست	[illegible]	
توشہ خانہ	[illegible]	

باورچیخانہ	[illegible]	
کتب خانہ	[illegible]	
باغات	[illegible] ،،	
منافع نوٹ مصرف خیر	[illegible] ،،	
غیر حاضری	[illegible]	
بازیافت جیب خاص وغیرہ	[illegible] ،،	
آمدنی نیلام اشیاء ذات خاص	[illegible] ،	
کرایہ دکانات مسجد	[illegible] ،،	
آمدنی قیمت نوٹ از سرکار انگریزی	[illegible] ،،	حسب تفصیل علیحدہ
موجودات زکوۃ	[illegible]	یہہ رقم زکوۃ کی علیحدہ جمع تھی جو اب کیس بک مین جملۃً داخل کرلی گئی ہے
آمدنی قرضہ زکوۃ	[illegible] ،،	یہہ وہ رقم ہے جو مد زکوۃ سے قرض دیگئی تھی اور سال حال مین وصول ہوی ۔
متفرقات قیمت اشیاء	[illegible] و ۳۳ اشرفی	

[illegible]

نقشہ جات متعلقہ حصہ دوم

نمبر سلسلہ	نمبر صیغہ	نام نقشہ
۱	۱	نقشہ کارخانجات معہ تفصیل اشیا موجودہ من ابتدائے اپریل ۱۸۹۸ء لغایت مارچ ۱۸۹۹ء
۲	۲	نقشہ مصارف کارخانجات — ایضاً —
۳	۱	نقشہ مردم شماری و فوت و ولادت — ایضاً —
۴	۱	نقشہ مظہر تعداد نفری و تنخواہ رسالہ جنگی و رسالہ پولیس — ایضاً —
۵	۲	نقشہ مظہر تعد!د نفری و تنخواہ سپاہ پیادہ اقسام مختلف — ایضاً —
۶	۳	نقشہ مظہر تعدا نفری و تنخواہ رسالہ ہائے علی غول — ایضاً —
۷	۴	نقشہ مظہر تعدا نفری و تنخواہ رسالہ باڈیگارڈ و زنبورچیان — ایضاً —
۸	۵	نقشہ مظہر تفصیلات آلات حرب و شمار اجرائے تعلیم و مدت ملازمت سپاہ — ایضاً —
۹	۱	نقشہ تفصیل مقدمات تھانہ وار دہ اشخاص متعلقہ مال مسروقہ — ایضاً —
۱۰	۲	نقشہ تفصیل جرائم کیفیت گرفتاری و نتیجہ — ایضاً —
عدالت دیوانی مین ۔ ۳۴ مقدمات اجراء ڈگری کے سال حال مین زیر دوران تہے جن مین ۲۲۳ مقدمات زیر تنقیح کے تہے۔ ان مین سے ۱۱۴ کی تعمیل کامل اور ۳۸ کی جزو تعمیل ہوئی۔ ۵۴ بعد کارروائی اور ۱۹۰ عدم پیروی مین خارج ہوئے ۳۴ زیر کارروائی باقی ہے اور ان مین صرف ۱۵ مقدمہ جائداد غیر منقولہ کے عذرداری مین دائر ہوئے جن مین سے بارہ کا فیصلہ ہوا اور تین زیر فیصلہ رہے۔ اور مقدمات تعمیل کامل و جزو تعمیل مین صرف ۱۰ مقدمات مین جائداد غیر منقولہ پر قبضہ دلایا گیا اور پانچ مین مال منقولہ و غیر منقولہ دونون نیلام کرا دلایا گیا اسلئے بلحاظ تعداد کے کارروائی اجراء کی بُری نہین ہے۔ جن مقدمات مین تعمیل کامل و جزو تعمیل ہوئی اون مین ـــــ روپیہ وصول ہوا اور منجملہ رقم وصول شدہ کے

… روپیہ مستحقین کو دیا گیا اور امانت ختم سال پر خزانہ سرکاری

مین باقی داخل رہا —

از روے اوسط منجملہ ۱۳۴ مقدمات زیر تعمیل کی تعمیل کامل فیصدی عہ اور

جزو تعمیل فیصدی نو کی ہوئی جسکا مجموعہ عہ ہوتا ہے اور بہ تقرر اقساط کا

تصفیہ فیصدی ۱۲ ہوا اور ان موخر الذکر دونوں اوسط فیصدی کو جمع کرنے

سے ملعہ حاصل ہوتا ہے۔ مقدمات جو عدم پیروی وغیرہ مین خارج ہوے اونکا

اوسط فیصدی للعہ ہوتا ہے یہہ تعداد تقریبا مساوی تعداد ہر سہ اقسام تعمیل

متذکرہ بالا ہے جو قابل توجہہ حاکم دیوانی ہے۔ للعہ مقدمات جو زیر دوران باقی رہے

اون مین سے لعہ بسبیل کارروائی دو بوجہہ مزاحمت و تعمیل اور تین بانتظار جواب

دوسرے محکمہ کے باقی رہے —

منجملہ ۱۵۲ مقدمات کی جنمین تعمیل کامل و جزو تعمیل ہوئی اون کی تفصیل یہہ ہے

رقم نقد یا مال منقولہ — ماعہ

فیصلہ جائداد غیر منقولہ — للعہ

منقولہ و غیر منقولہ — عہ

روپیہ — سے

رقم نقد جو عدالت سے مستحقین کو پہونچانے کے لیے وصول کیگئی اوسکی تعداد … تھی

جسمین سے مستحقین کو دینے کے بعد صرف امانت خزانہ سرکاری مین داخل

امانت رہا ہے- یہہ رقم ۱۵۵ مدیونان سے وصول کیگئی مدیونان مین سے ۵۹ ایسے تہے جنہون نے بجاے گرفتار ہی قید ہونیکے روپیہ ادا کردیا ۲۶ ایسے تہے جنہون نے قید مین جانا اختیار کیا-

تحصیلات کی دیوانی کا کام

مقدمات متدائرہ پانچون تحصیلون مین ۱۷۱ مقدمات واسطے فیصلہ کے پیش ہوئے جنکی تحصیلوار تعداد یہ ہے- اور بلحاظ تعدد تعداد حسب مدارج ذیل مین دکہائی جاتی ہے-

نمبر مدارج	نام تحصیل	تعداد مقدمات مع بقایائی گذشتہ
۱	حضور تحصیل	۸ ے
۲	بلاسپور	۸ للوے
۳	سوار	ا ے
۴	ملک	ا للوے
۵	شاہ آباد	ا ے
	میزان	لاے

کیفیت فیصلہ

ان مین سے فیصلہ حسب ذیل ہوا-

قسم فیصلہ	حضور تحصیل	ملک	شاہ آباد	سوار	بلاسپور	کل
منفصلہ بلا تحقیقات	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]
″ بلا بحث	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
″ بذریعہ پنچایت	[illegible]	دو	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]
″ بعد بحث	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اس تفصیل کی رو سے جو اوپر دکھائی گئی ہر قسم کے فیصلہ کی تعداد فیصدی حسب ذیل ہے —

منفصلہ بلا تحقیقات	[illegible]	فیصدی	
″ بلا بحث	[illegible]	″	تقریباً
″ بذریعہ پنچایت	دو	″	″
″ بعد بحث	[illegible]	″	″

اس تفصیل فیصدی سے ظاہر ہے کہ مقدمات منفصلہ بعد بحث کے تعداد فیصدی بہت اور قابل توجہ ہے تمام تحصیلات سے باستثنا تحصیل بلاسپور کے جہاں منجملہ [illegible] مقدمات کے [illegible] کا فیصلہ بعد بحث کے ہوا اوسط فیصدی [illegible] پڑتا ہے — اور اسی نظر سے بلاسپور کا کام بمقابلہ دوسری تحصیلات کے قابل تعریف ہے — تحصیلدار بلاسپور مولوی ظہور الاسلام بوجہ اپنی لیاقت علمی و قانونی اور توجہ انفصال مقدمات کی سب تحصیلداروں میں ممتاز ہیں —

کیفیت باقی

بحولہ باب مقدمات متدائرہ کے ختم سال پر جو مقدمات زیر دوران باقی رہے ان مین سے زائد از شش ماہ کسی تحصیل مین کوئی مقدمہ باقی نہین ہے لیکن بلحاظ تعداد بقایا کے حضور تحصیل و بلاسپور مین بمقابلہ دیگر تحصیلات کے زیادہ باقی رہے جیسا کہ ذیل سے معلوم ہوگا —

نام تحصیل	متدائرہ	منفصلہ	باقی
حضور تحصیل	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ملک	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شاہ آباد	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سوارہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]
بلاسپور	[illegible]	[illegible]	[illegible]
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]

کیفیت اوسط دوران مقدمات

مقدمات متعلقہ بلا بحث و بلا تحقیقات کا اوسط دوران فی مقدمہ — ۴۰ ۱/۲ اور مقدمات منفصلہ بذریعہ پنچایت اور بعد بحث کا اوسط فی مقدمہ — ۲۱۷ روز ہے دونون قسمون مین جو بہت زیادہ ہے اور ہر تحصیل کا اوسط فی مقدمہ حسب ذیل ہے —

نمبر	نام تحصیل	تعداد ایام اوسط فی مقدمہ مقدمات قابل بحث بلا تحقیقات	تعداد ایام اوسط فی مقدمہ مقدمات بذریعہ پنچایت وبعد بحث
۱	حضور تحصیل	۲۸	۵۳
۲	ملک	۲۶	۵۱
۳	شاہ آباد	۴۵	۳۸
۴	سوار	۳۱	۶۵
۵	بلاسپور	۱	۱۰

یہ تعداد اوسط کا حساب معلوم نہین محرران تحصیل نے کس طور پر نکالا ہے اور ہر تحصیل کی تعداد اوسط مشتبہ معلوم ہوتی ہے جسکی سال آئندہ مین مناسب نگرانی اور ضروری ہدایت کیجائیگی—

کیفیت گواہان

گواہون کی تحصیلات ملک وسوار وبلاسپور سے اس عذر کیساتھہ خالی لے گئے کہ اون کی صحیح تعداد امسال ظاہر نہین کی جا سکتی حضور تحصیل نے اپنے یہان سے گواہونکی تعداد بالالتعین وشاہ آباد نے تخمیناً دکھائی ہے- اور اپنے گواہون کو فریقین مقدمہ خود حاضر لائے اور سب اپنی حاضری کے روز اول کو رخصت کردیے گئے- اس کارروائی کی بھی پوری نگرانی سال آئندہ ... کیجائیگی—

خرچہ

مقدمات کے خانہا ے نقشہ کل تحصیلات نے خالی چھوڑے ہین اس عذر سے کہ ابتدای سال سے اسکا اہتمام نہین ہوا تہا صرف تحصیل ... نے اپنی آمدنی اسٹامپ لعہ روپیہ دکہائی ہے۔ جس سے کوئی نتیجہ نہین نکالا جا سکتا۔

اقسام مقدمات

مجموعہ مقدمات لعہ مرجوعہ جدید کے سارے مقدمات زر نقد اور جائداد منقولہ کے تہے جنکی تفصیل یہہ ہے۔

معاہدہ تحریری — ۱۴ [illegible]

معاہدہ غیر تحریری — سالعہ

مرہنای بہی کہاتہ — یک

دیگر اقسام — ماللعہ

بقیہ لعہ مقدمات حقیت تہی جنکی یہہ تفصیل ہے —

متعلق جائداد غیر منقولہ — [illegible]

وراثت — یک

تقسیم جائداد — دو

دیگر اقسام — [illegible]

ان مقدمات کی تحصیل وار تفصیل یہہ ہے جنکی اشتلہ کی طلبی ملاحظہ کے لیے صاحب

بجز ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بہادر کی اپیلی پر توجہ رجوع لیجائیگی تاکہ دیکھا جائے کہ ان امثلہ کے فیصلے اقتداری تحصیلدار صاحبان ہیں یا نہیں —

حضور تحصیل —	مع
ملک —	ے
سوار —	ہے
بلاسپور —	ے

مدارج دعاوی مقدمات

منجملہ للعہ مقدمات مرجوعہ جدید کے للعہ ایسے تھے جنمیں نوبت بہت نہیں ہو سکتی تھی بقیہ للعہ مقدمات للعہ مالیت روپیہ کے تھے جنکا اوسط فی مقدمہ مع روپیہ کسر سے زائد ہوتا ہے — تفصیل نقشہ نمبر ۱۲ کے ملاحظہ سے ظاہر ہوگی بلحاظ طوالت ترک کیجاتی ہے —

اجرای ڈگری

تحصیلات میں ۹۰۴ مقدمہ اجرای ڈگری کے بغرض تحصیل وصول مع بقایا وغیرہ امسال پیش ہوئے ان میں سے مالعہ زرنقد کے تھے جنکی مالیت مع مالیت کے تھے انکی تعمیل وتصفیہ حسب ذیل ہوا —

تعمیل کامل —	لہ	للعہ فیصدی
جزو تعمیل —	مع	ے

قسط معاش و تنخواہ —	[illegible]	[illegible]
تقرر اقساط —	[illegible]	[illegible]
خارج بلا تقرر قسط —	[illegible]	[illegible]
خارج یوم —	[illegible]	[illegible]
جملہ —	[illegible]	

باقی

مجموعہ باقی زیر دوران کے مقدمات بتعمیل کارروائی اور رہ بانتظار جواب حکم جات دیگر سے ملتوی رہے — ان میں صرف چار مقدمہ زائد از شش ماہ ختم سال میں زیر دوران تھے —

قسم تعمیل

مجموعہ مقدمات کی جنکی تعمیل کامل و جزو تعمیل ہوئی مالاعہ میں قسم نقد یا مال منقولہ دلایا گیا میں مال منقولہ و غیر منقولہ مشتہر کر دلایا گیا اس اجرای ڈگری کی تحصیل وار تفصیل یہ ہے —

حضور تحصیل —	[illegible]
ملک	[illegible]
شاہ آباد	[illegible]

تفصیلات بالا سے ظاہر ہے کہ تعمیل کامل فیصدی — و جزو تعمیل فیصدی

ہوی جسکا مجموعہ مبلغ ـــــ ہوتا ہے جو بہت کم ہے اور اسی مین اگر وہ مقدمات شریک کرکے دیکھا جاے جنکا بہ تفریق اقساط وغیرہ فیصلہ ہوا ہے جنکا اوسط فیصدی ـــــ ہے جب بھی تعداد ـــــ فیصدی زیادہ نہین بڑہی اور مقدمات جو بین پیروی وغیرہ مین خارج ہوا اوسکا اوسط فیصدی ـــــ ہے اس سے ظاہر ہے کہ ڈگریدار بامید اجرای آیندہ پیروی سے کنارہ کش ہوجاتے ہین ـــ

تفصیل زر وصول شدہ

تحصیلات مین مبلغ ـــــ روپیہ ۲۰۰ مدیونون سے وصول خزانہ کی سبیل ہوئی جسکی تحصیلوار تفصیل یہہ ہے ـــ

نام تحصیل	تعداد مدیونان	تعداد زر وصول شدہ
حضور تحصیل	موللعـ	لمامولعـ
ملک	للوللعـ	الہامعـ ,,
شاہ آباد	موعـ	الصاللعـ ,,
سوار	اللوعـ	صہامومعـ
بلاسپور	ںعـ	البالمعـ ,,

ان دینداروں مین ایسے بھی تھے جنہون نے بعد گرفتاری وقت کے سبیل ادا روپیہ کے کی ـ جس کا اوسطاً فی صدی ـــــ ہوتا ہے جو بہت زیادہ ہے دیوانی کے جمع و خرچ نقدی تحصیلات سے ظاہر ہے کہ للعہ مالعہ تحصیلات مین

واسطے پہونچانے مستحقین کے جمع ہوا اور منجملہ اسکے للعہ روپیہ ڈگریدارونکو دیا گیا اور للعہ روپیہ خزانہ عدالت مین جمع رہا جسمین صرف دس روپیہ زیادہ از یکسال بعد بقیہ اندرون سال کا ہے۔ منجملہ ۷۰ اشتہارات کی جنکی تعمیل کامل و جزو تعمیل ہوئے صرف سولہ مقدمات مین جائداد مقروقہ کے متعلق عذرداری پیش ہوئے اسمین نو منظور رہے نامنظور اور ایک زیر تصفیہ باقی ہے۔

آمدنی طلبانہ و ندکوریان

افسوس ہے تحصیلات شاہ آباد و سوار نے اپنی تحصیل مین ندکوریان طلبانہ کی تعداد کے ساتھ انکے کام یعنی تعمیل حکمناجات کی تعداد نہ دکھا سکے حضور تحصیل مین دو ندکوری طلبانہ کے ہین جنہون نے سال مین ۱۷۸ حکمنامون کی تعمیل یعنی فی ندکوری ۸۹ ہے جو بہت کم ہے اگر اوسط سالانہ یہی تعداد حکمنامونکی ہے تو ایک ندکوری اسکے لیے کافی ہے آمدنی طلبانہ کی للعہ اور خرچ تنخواہ ندکوریان للعہ جسکی رو سے للعہ روپیہ کی بچت سرکار مین ہوئی۔

تحصیل ٹانک مین چار ندکوری ہین جنہون نے از روی اوسط سال مین للعہ حکمنامونکی تعمیل کی ہے مگر یہی غالباً سرسری سے حکمنامون کی تعمیل کرتے ہین آمدنی طلبانہ للعہ روپیہ اور خرچ للعہ روپیہ ہے جسکی رو سے بچت سرکار صرف للعہ ہوئے جو بہت کم ہے کم از کم ایک ثلث آمدنی طلبانہ کی بچت ہونا چاہیئے متحصیل بلاسپور مین صرف ایک ندکوری ہے جسنے للعہ حکمنامون کی سال مین تعمیل کی

ان طالبانہ کے [illegible] روپیہ اور خرچ [illegible] روپیہ ہوا جسکی رو سے
اس سرکار میں بچت میں [illegible] روپیہ داخل ہوا — اسکی طرف توجہ تحصیلداران ضرور ہے

عدالت خفیفہ کا کام

اس عدالت میں [illegible] مقدمات جدید اور دو حکم مرافعہ سے مسترد ہ اور ایک منفصلہ جملہ [illegible] بغرض انفصال پیش ہوئے جنکا فیصلہ حسب ذیل ہوا —

منفصلہ بلا تحقیقات —	[illegible]
بلا بحث —	[illegible]
بذریعہ پنچایت —	دو
بعد بحث —	[illegible]
میزان	[illegible]

اس رو سے اوسط فیصدی مقدمات منفصلہ بلا تحقیقات کا اٹھہ فیصدی اور منفصلہ بلا بحث کا [illegible] فیصدی کسری زائد ہوتا ہے جو قابل توجہ معلوم ہوتا ہے اور منفصلہ بعد بحث کا [illegible] اور [illegible] فیصدی کسری زائد ہے جو بہت کم ہے —

اوسط دوران مقدمات منفصلہ بلا تحقیقات اور بلا بحث دونوں کا آٹھہ روز اور بذریعہ پنچایت و بعد بحث کا سات روز ہے —

[illegible] مقدمات منفصلہ میں صرف [illegible] گواہ حاضر آئے و فہم فریقین مقدمہ

پیش ہوئے عدالت سے کوئی گواہ طلب نہیں ہوا تعداد گواہوں کی بلحاظ تعدد مقدمات نہایت کم ہے۔

خرچہ

ان مقدمات مندائرہ مین مجموعاً خرچ لما لہ روپیہ دکہایا گیا ہے جسکا اوسط فی مقدمہ عہ ۴ پڑا۔

اقسام مقدمات

مقدمات مندائرہ مین سات بر بنا معاہدہ تحریری و ۱۱ عہ بر بنا معاہدہ غیر تحریری ایک بر بنا بہی کہاتہ اور ماعہ متعلقہ جائداد منقولہ دائر ہوئے

مدارج دعاوی

منجملہ ۶۲ مقدمات کے جسمین سے دو مسترد خارج کرنے کے بعد بقیہ ۶۰ کے مدارج دعاوی حسب ذیل ہے۔

صہ تک	۱۱ دعہ
صہ سے زائد ۱۱ر تک	۱۱ لہ
۱۱ر سے زائد ۱۱صہ تک	۱۱ ٹ
۱۱صہ سے زائد ۱۱ر تک	لہ
۱۱ر سے زائد صہ۱ر تک	ٹ
صہ۱ر سے زائد ال تک	ایک

اجراے ڈگری

اس سال اجراے ڈگری کے مقدمات لماعہ دائرہ ہوے ایک مقدمہ منتقل
ہوکر پہنچا اور معہ بقایاے گذشتہ ہے جنکا مجموعہ لمالہ للعہ ہوا ایسہ
سب مقدمات زر نقد کے تہے انہین سے مدلعہ کی تعمیل کامل اور سے کی جزو
تعمیل ہوی سامعہ بعد کارروائی حسب تفصیل ذیل خارج ہوئے—

بحکم ضبطی تنخواہ یا معافی— مالللعہ

بتقرر اقساط— مالللوعہ

بلا تقرر اقساط للوعہ

عدم پیروی اور وجوہات دیگر سے ۱۱ معہ خارج ہوے للعہ باقی زیر
کارروائی رہے—

اس تفصیل کی رو سے تعمیل کامل فیصدی یعہ اور جزو تعمیل فیصدی تقریباً
لعہ کی ہوی جسکا مجموعہ یعہ فیصدی ہوا جو بہت ہی کم ہے لیکن اگر اس مین وہ
مقدمات جنکا بتقرر اقساط وغیرہ فیصلہ ہوا شریک کیے جائین جو للعہ فیصدی
ہے تو مجموعاً سے فیصدی ہوا اور وہ مقدمات جو عدم پیروی مین خارج ہوے
اوسکا اوسط فیصدی لوعہ ہوا یعنی تقریباً ایک ثلث فیصدی خارج ہوے جو بہت
زیادہ ہے للعہ جو زیر دوران رہے ان مین سے کوئی بوجہ مزاحمت و تعمیل
باقی نہین ہے لعہ بسبیل کارروائی اور ایک بانتظار جواب کسی محکمہ کی باقی ہے

اور ان مین سے ایک بہی زائد از شش ماہ نہین ہے ۱۶۴ مقدمات تعمیل کامل جز

تعمیل مین فقط رقم نقد یا مال منقولہ دلایا گیا—

زر وصول شدہ کی تعداد الامانت ہے جو بار اب مدیونان سے مستحقین کے لیے

وصول کیا گیا— مدیونان مین ۳۴۲ مدیون ایسے تہے جنہون نے بعد گرفتاری بلا قید

کے روپیہ ادا کردیا اور صرف ایک بعلت اجرای ڈگری قید مین بہیجا گیا—

مقدمات ۱۴۴ تعمیلی مین سے مقدمات عذرداری کے پیش ہوے ان مین سے

مقدمات منظور ہے نامنظور اور دو مین کسی اور طرح پر فیصلہ ہوا اور کوئی مقدمہ

عذرداریکا زیر کارروائی باقی نہین رہا—

الامانت مستحقین کے پہنچانے کے لیے عدالت نے سال حال مین وصول کیا اور سے

الامانت مستحقین کو دیدیا گیا ہے عدالت مین اندرون سال کا وادنی باقی رہا

اس عدالت مین چہہ مذکوری واسطے تعمیل حکمنامجات کے ملازم ہین جنہون نے سال مین

اوسط کی روسے ۱۱ حکمنامون وغیرہ کی تعمیل کی اسلیے روزانہ فی کس ایک

حکمنامہ کا بہی اوسط نہین پڑتا ہے حالانکہ مذکوریونکو صرف اندرون شہر کا کام کرنا ہوتا

باہر جانیکا شاذ و نادر اتفاق ہوتا ہوگا اسلیے یہہ تعداد مذکوریون کی زیادہ معلوم ہوتی

کہ آمدنی طلبانہ کے نقشہ مین امانت دکہائی گئی ہے جسمین سے ۱۱ تنخواہ مذکوریون

مین خرچ ہوکر باقی روپیہ کی بچت ہوی—

جو لوگ رسالجات سے عدالتون مین مامور ہین وہ بہی تو کام کرتے ہین— اسلیے مذکوریان کا

کام بلا شک بہت ہی کم ہے اسطرف زیادہ توجہ حکام کی ضرورت ہے۔

مرافعہ دیوانی منفصلہ دیوانی کی فیصلہ کا

منجملہ سارہ مقدمات منفصلہ عدالت دیوانی کے مابعد کا مرافعہ دائر ہوا اور اس عدالت میں بعد باقی سال گذشتہ تھے جو مجموعًا ہوئے جس کا حسب ذیل فیصلہ ہوا۔

نامنظور	[illegible]
عدم پیروی وغیرہ	[illegible]
فیصلہ یکطرفہ	[illegible]
بعد جواب	[illegible]

ان مقدمات بعد اخذ جواب کے فیصلہ کے اقسام کی تفصیل یہ ہے۔

بحال	[illegible]
منسوخ	[illegible]
ترمیم	[illegible]
بغرض تکمیل واپس	[illegible]

تفصیلات بالا سے ظاہر ہے کہ منجملہ مقدمات منفصلہ عدالت ابتدائی کے فیصدی کا مرافعہ دائر ہوا عدم پیروی میں فیصدی خارج ہوئے اور بعد اخذ جواب

فیصدی کا فیصلہ ہوا جسمیں مت فیصدی بحال رہے للو مت فیصدی منسوخ ہوئے
تقریباً لعہ فیصدی ترمیم اور معہ فیصدی بغرض تکمیل واپس ہوئے اوسط
کی رو سے اس عدالت کی کارروائی خصوص اس نظر سے کہ مت فیصدی کا فیصلہ
بعد اخذ جواب ہوا قابل تعریف ہے لیکن ایسے موقع پر مجموعاً مت فیصدی منسوخ
ترمیم و واپس ہونا عدالت ابتدائی کو اپنے کام کی طرف رجوع کرنے کا اشارہ
کر رہا ہے۔

باقی

منجملہ مقدمات جو مرافعۃً پیش ہوئے لعہ مقدمہ ختم سال پر زیر کارروائی رہا
جسمیں سے صرف نو باقی زائد از سہ ماہ ہیں اوسط باقی کا بلحاظ مت ائرہ لعہ
فیصدی ہے لیکن چونکہ صرف نو باقی زائد از سہ ماہ ہیں اسلیئے قابل لحاظ نہیں ہے۔

اوسط دوران مقدمات

مقدمات مالی منفصلہ کا اوسط دوران فی مقدمہ ۳۰ روز ہے۔ جو بلحاظ دیگر
کارہائے متعلقہ اس عدالت کے قابل لحاظ نہیں ہے اور ان ایام میں تعطیلات بھی شامل ہیں
دوران زیادہ ہے اسمیں توجہ ضرور ہے۔

مرافعہ مقدمات عدالتہائے دیوانی تحصیلات

منجملہ مقدمات لمامعہ منفصلہ تحصیلات مت کا مرافعہ اس عدالت میں [illegible] ہوا

گذشتہ مین لعه مقدمے تھے جنکا مجموعہ ۸۰ ہوا- اِن مقدمات کا فیصلہ حسب ذیل ہوا—

خارج بہ عدم پیروی وغیرہ—	معہ	۹ فیصدی
بعد بحث—	للعه	۶۸
باقی—	لعه	۲۳

ان لالعه مقدمات کی جنکا بعد بحث فیصلہ ہوا تفصیل یہہ ہے—

بحال—	لعه	۴۲ فیصدی
منسوخ—	صه	۲۸
ترمیم—	دو	۴
واپس بغرض تکمیل—	للعه	۲۶

تفصیلات بالا سے ظاہر ہے کہ نو فیصدی عدم پیروی وغیرہ مین خارج ہوے جو قابل لحاظ نہین ہے یکطرفہ فیصلہ ایک مقدمہ کا بھی نہین ہوا جو قابل تعریف ہے اور ثابت کرتا ہے کہ عدالت حاضری فریقین کا کافی انتظار کرتی ہے ۶۸ فیصدی کا فیصلہ بعد بحث ہوتا ہی ہے سے نزدیک قابل ستائش ہے اور منجملہ مقدمات زیر دوران کے صرف لعه زیر کار روائی باقی رہے ان مین سے صرف ایک باقی زائد از سہ ماہ ہے اور از روے اوسط لعه فیصدی باقی ہے جو بلحاظ اسکے کہ اندر ون ۳ ماہ ہین قابل لحاظ نہین ہے—

اوسط دوران مقدمات

۱۶ مقدمات کا اوسط دوران فی مقدمہ ۹۴ روز ہوتا ہے جو بہت زیادہ ہے لیکن علاوہ اسکے کہ اس عدالت مین مقدمات مالی و فوجداری کا علاوہ دیوانی کے مرافعہ ہوتا ہے مقدمات دیوانی کے پیچیدگی سے ایام دوران زیادہ ہوگئے ہین —

آمدنی زرطلبانہ

اس عدالت مین بحیثیت مجموعی مالی دیوانی و فوجداری کے ۱۸ عہ مد طلبانہ کے جمع ہوتے چار مذکوری ملازم نے تمام سال مین کام کیا جسکا اوسط سالانہ کام فی مذکوری ۱۶۱ حکمنامہ بتخمیرہ تعمیل کا ہوا اور ماعہ روپیہ خرچ پڑا ے۵ روپیہ توفیر کے داخل خزانہ سرکاری ہوے لیکن چونکہ مذکوریون نے صرف ۱۶۱ حکمناموں کی سال مین تعمیل کی ہے جو حساب سے فی دو روز مین ایک سے بھی کم ہوتا ہے اس لیے تعداد مذکوریون کی زیادہ ہے اور غالباً دو مذکوری اگر اسی حساب سے کام ہی کافی ہونگے —

نگرانی

واضح ہے کہ علاوہ مقدمات مذکورہ بالا کے اس عدالت مین سال مین منجملہ ۱۳ مقدمات کے نو کا فیصلہ کیا بقیہ چار مین سے صرف ایک نا آمد از سہ ماہ ہے —

تنخواہ مذکوریان اور بچت طلبانہ کے

اس عدالت مین نقشے سے ظاہر ہے کہ نو مذکوری نوکر ہین جنہون نے سال مین
از روے اوسط ۲۷ حکمنامون کی تعمیل کی ہے یعنی فی دو سکے روز
ایک حکمنامہ یہہ تعداد بہت ہی کم ہے اور بلحاظ اوسط روزانہ اس عدالت کے
لیے چار مذکوری کافی معلوم ہوتے ہین امید ہے عدالت سے مناسب
انتظام کیا جائیگا۔ تنخواہ مذکوریون مین ۱۸ روپیہ خرچ پڑا اور منجملہ
۱۸ کے ۹ بچت سرکار بچت ہوے اگر بچت سرکاری کا خیال رہتا
تو اسقدر خرچ سال مین نہ پڑتا۔

محکمہ مرافعہ ثانی

یہہ محکمہ کونسل انتظامی کے جوڈیشل ممبر سے متعلق رہا ہے ابتدا سال سے
لغایت دسمبر ۱۸۸۸ء کنور لطف علیخان صاحب بہادر اس خدمت کے کام پر مصروف رہے
اور جنوری ۱۸۸۹ء کو نواب نواب یار جنگ بہادر صوبہ دار جنوبی ممالک نظام حسب الطلب
سرکار کلکٹر کالون نواب لفٹنٹ گورنر بہادر ممالک مغربی و شمالی یہان تشریف لائے
اور اس خدمت کا چارج لیا۔

مقدمات متدائرہ

اس مقدمات مین سال ۱۸۸۹ء مقدمہ مرافعہ دائر ہوے بقایائی سال گذشتہ

موصے تھے جنکا مجموعہ مالے ہوا۔ انکا فیصلہ حسب ذیل ہوا۔

خارج بعدم پیروی	[illegible]	فیصدی	۹
فیصلہ بعد بحث	[illegible]	"	[illegible]
باقی	[illegible]		

ان [illegible] مقدمات کا متعلقہ بعد بحث کا فیصلہ اسطرح ہوا۔

بحال	[illegible]	فیصدی	[illegible]
منسوخ	[illegible]	"	[illegible]
ترمیم	[illegible]	"	[illegible]
واپس بغرض تکمیل	[illegible]	"	[illegible]

تفصیل بالا سے ظاہر ہے کہ فیصدی [illegible] کی اپیلیں [illegible]

[illegible] مقدمہ [illegible] ہیں۔

اوسط دوران

سالہ مقدمات منفصلہ کا اوسط دوران [illegible]

صیغہ رجسٹری

ریاست مین ایک سررشتہ رجسٹری کا ہے اور مفصلات مین تحصیلدارون کو بہی اختیار رجسٹری کا حاصل ہے جو بمنزلہ سب رجسٹرار ہین دستور العمل رجسٹری مرتبہ ریاست کے موافق عملدرآمد ہے بالفعل ایک دستور العمل صیغہ رجسٹری کا ضروری ترمیم و اصلاح و اضافہ سے مرتب ہوا ہے وہ زیر ملاحظہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر ہے اور عنقریب کونسل مین بغرض منظوری پیش ہونے والا ہے —

نقشہ نمبر [illegible] سے مختلف مقامات کے کام آمدنی اور خرچ صیغہ رجسٹری کے ظاہر ہوتے ہین سال تمام مین [illegible] قطعات رجسٹری کے لیے پیش ہوے اور تصدیق کیے گئے جنمین مجموعًا آمدنی [illegible] روپے کی ہوئی اور ملازمین و دیگر اخراجات مین [illegible] روپیہ خرچ پڑا [illegible] بچکر بحق سرکار ریاست جمع ہوا —

رپورٹ سالانہ سررشتہ تعلیم

ریاست رامپور بابت [illegible]

خلد آشیان کے زمانے مین اور اوس سے پیشتر بہی یہان سررشتہ تعلیم مثل ایک کتاب پریشان اوراق کے تہا یعنی اس محکمے کا نہ کوئی جوابدہ افسر اعلیٰ تہا نہ کوئی باقاعدہ رپورٹ پیش ہوتی تہی نہ اوقات تعلیم و حاضری معین تہے اور نہ رجسٹر وغیرہ مرتب تہے نہ مدرسین و طلبہ کا امتحان ہوتا تہا نہ کتب درسیہ کا تعین تہا مگر عہد عرش آشیان مین صاحبزادہ جنرل

محمد اعظم الدینخان بہادر نے اپنے عہد مدار المہامی مین مثل اور امور کے سررشتہ تعلیم کیطرف بہی توجہ مبذول فرمائی اور نہ صرف مدرسہ عالیہ پر جو ایک قدیم مدرسہ ہے اکتفا کی بلکہ انگریزی مدرسہ قایم کیا اور بیرونجات اور تحصیلات ریاست مین بہی لوگون کو تعلیم کا شوق دلایا بعض جگہ جا بجا مدارس متوسط جاری فرمائے اور جو مدارس تحصیلات مین برائے نام تہے وہان لایق لایق مدرس مقرر فرمائے اور مدرسہ عالیہ اور مدارس بیرونجات اور مدارس انگریزی کی پڑہائی اور اوقات کا تعین درست فرمایا مدرسہ نسوان کو بہت ترقی ہوئی جہان اب علاوہ قران شریف کے اردو کی عمدہ کتابون کی بہی تعلیم لڑکیونکو دیجاتی ہے نگرانی سررشتہ تعلیم کیواسطے مسٹر فلپ کو بعہدہ ڈائرکٹری مقرر فرمایا اور مسیس مسٹر فلپ کو نگرانی مدرسہ نسوان کی سپرد فرمائی جنوری ۱۸۹۹ء سے انسپکٹر مدارس کا تقرر عمل مین آیا اس عہدہ کی بہت ضرورت تہی ڈائرکٹر صاحب کا زیادہ کام حضور پرنور کی تعلیم تہی اون کو اسقدر فرصت نہ تہی کہ شہر کے تمام مدارس اور نیز بیرونجات کے مدارس کی نگرانی اور جا بجا مدارس دیہات کے اجرا کی رپورٹ کرین انسپکٹر مدارس نے تاریخ تقرری سے بہ تبعیت ڈائرکٹر صاحب اسوقت تک شہر کے مدارس کا انتظام بمنظوری صاحب جوڈیشل ممبر بہادر درست کیا اور بمفصلہ ذیل دیہات مین مدارس قایم ہوگئے —

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
نمبر شمار	نام تحصیل	نام موضع	تاریخ اجرائی مدرسہ	تعداد مدرسین	تعداد طالب علم	حالت مکان	تنخواہ مدرس ماہوار	آمدنی فیس ماہوار	کیفیت
۱	حضور تحصیل	چیٹ پورہ	یکم فروری ۱۸۸۹ء	۲	۳۰	عمدہ ہے	للعہ ماہوار	للعہ ماہوار	
۲	ملک	بہینسوڑی	یکم مارچ ۱۸۸۹ء	۱	۴۰	عمدہ ہے	۰	۰	مدرسہ سرکاری ہے
۳	ملک	کموورہ دہمورہ	۱۸ فروری ۱۸۸۹ء	۱	۰	عمدہ ہے مگر ناتمام	۰	۰	۲۴ جون ۱۸۸۹ء سے جاری ہوگا

علاوہ ان مدرسون کے منصور پور - حسن پور - ملک ہاشم - متونگر - مہتوس - کیمری
اجیت پور - ساگرپور - احمد نگر - سیفنی - کاشی پور خرد - سیگہن کہیٹرہ - چمروا - ککروا
بڑا گاؤن - کیولار - پٹوائی - تحصیل سوار - بہوٹ لقال - طالب پور بہوٹ وغیرہ
مین مدارس جاری کرنے کی تجویز درپیش ہے اب بعض مدارس کے ضروری
حالات درج کئے جاتے ہین -

مدرسۂ عالیہ

دفتر مدرسۂ عالیہ مین ۲۰ - رمضان سنہ ۱۲۸۵ ہجری تک کے کاغذات دیکھے گئے کوئی کاغذ اوس سے پیشتر کا ایسا کہ جس سے تاریخ اجراے مدرسہ عالیہ معلوم ہو برآمد نہوا مولوی محمد یعقوب طبیب اور مولوی حسین شاہخان مدرس فارسی دو ملازم قدیم مدرسے بعد دریافت معلوم ہوا کہ یہہ مدرسہ غالبًا ابتداے ریاست سے قایم ہے مگر عہد نواب جنت آرامگاہ یعنی تخمیناً ۵۰ سال سے غالبًا اسکا پورا پورا اجرا ہوا کاغذات سابقہ مین فقط مدرسہ لکہا جاتا تہا لیکن عہد خلد آشیان مین اسنے ہرطرح کی ترقی پائی پہلے یہہ مدرسہ از قبیل خیرات تہا - درس تدریس کیطرف باقاعدہ توجہ نتہی - حاضری اور طلبہ کے پڑہائی کا کچہہ انتظام نتہا علم ادب و ریاضی کا مطلق چرچا نتہا اب وقتاً فوقتاً ہرطرح کے انتظامات کیے گئے اور کیے جاتے ہین جس سے ترقی روزافزون کی توقع ہے مکان سابق مدرسہ عالیہ قابل درس نتہا از سرنو مرمت اور نہر تقسیم ہوئی مدرسین کیواسطے کمرے علیحدہ بناے گئے عربی و فارسی اور نیز دیگر علوم کے پڑہانیوالے نہایت دقت سے بہم پہونچاے گئے مدرسین و طلبہ لایق کی بیشی تنخواہ و وظیفہ عمل مین آئی بعد لوے محمد طیب عرب ادیب اور مولوی محمد فضل الرحمن ریاضی دان اور مولوی ابوالحمید فرخی پروفیسر فارسی اور مولوی کریم اللہ خان خوشنویس مقرر ہوے جنکے سبب سے مدرسہ عالیہ کی بہت ترقی ہوئی مدرس اعلی مولوی ہدایت علی صاحب کے استعفا دینے کے بعد لکہنو سے ایک مشہور اور لایق مولوی حفیظ اللہ صاحب طلب کیے گئے ان کے تقرر سے امید کامل ہے کہ بیشی تنخواہ

مدرسے کی ترقی ہو۔ اس سال دستور العمل واسطے امتحان مدارس حسب منظوری جوڈیشل ممبر بہادر جو افسر اعلیٰ سررشتہ تعلیم کے ہین مرتب ہوا کورس اور ٹائم ٹیبل جسکا پہلے اس مدرسے مین وجود نتہا اس سال تجویز ہوئے قریب ایکہزار روپیے کے کتب خرید کرکے واسطے طلبہ مدرسہ عالیہ کے سرکار سے مرحمت ہوئین جس سے مدرسہ عالیہ مین ایک بڑا کتب خانہ قایم ہوگیا اور مدرسین و طلبہ کو بہت بڑی مدد اور نفع کثیر ملا پیشتر امتحان سالانہ نہین ہوتا تہا عہد عرش آشیان مین امتحان سالانہ مقرر ہوا اور جماعت اعلیٰ کے طلبہ کا تحریری امتحان لیا گیا جس سے طلبہ کی استعداد اور مدرسے کی رونق یوماً فیوماً ترقی پذیر ہے۔

مدرسہ غوثیہ رامپور

یہہ مدرسہ عہد نواب خلد آشیان مین قایم ہوا تہا جبکہ اونکی مسندنشینی کو تخمیناً ڈیڑہ سال گذرا ہوگا وجہ مفصل اسکے بنا کی یہ ہے کہ زمانہ ولیعہدی مین خلد آشیان نذر حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کی ہر مہینے مین کیا کرتے تہے جب مسندنشین ہوئے تب یہہ حکم نافذ فرمایا کہ مقدار زر نذر ہر مہینے مین زیادہ کیجاے چنانچہ تہوڑے ہی دنون مین اوس مقدار زر نذر نے اسقدر ترقی پائی کہ اوسی مین صرف مدرسہ غوثیہ قرار دیا گیا اور کچہ مساکین و زنان بیوہ کی تنخواہین مقرر کی گئین وجہ تسمیہ بہی اس مدرسے کی یہی ہے۔ اس مدرسے مین فی الحال ۲ مدرس حافظ قران شریف ہین اور قریب ۷۰ طلبہ کے تعلیم پاتے ہین جنمین سے قریب ۳۵ طلبہ کو سرکار کی طرف سے ایکروپیہ ماہوار بطور وظیفہ ملتا ہے

اس مدرسے مین صرف کلام مجید حفظ کرایا جاتا تہا مگر یکم اپریل ۱۸۹۰ء سے اُردو کی کتب دینی بہی پڑہائی جاتی ہین اور خوشنویسی سکہائی جاتی ہے۔

مدرسہ انگریزی رامپور

عرش آشیان کے عہد سے پہلے انگریزی تعلیم کیجانب کسیکو توجہ نہتی۔ صاحبزادہ جنرل محمد اعظم الدینخان بہادر کو اپنے عہد مدار المہامی مین نہ انگریزی مدرسے قایم کرنیکے لئے صرف یہ خیال متقاضی ہوا کہ علاوہ عملداری انگریزی کے اسوقت قریب قریب کل دیسی ریاستون مین بہی مدارس انگریزی بکثرت قایم ہوگئے ہین اور ریاست رامپور مین انگریزی مدرسہ کا نہ ہونا قابل افسوس ہوگا بلکہ ریاست کے باشندون خصوصًا مسلمانون کی پست حالت کے دریا مین روز بروز ڈوبتے دیکہکر اونکی قومی ہمدردی نے اونکو مجبور کردیا کہ وہ اس ضروری کام کیطرف اپنی توجہ خاص مبذول کرین چنانچہ اونکی توجہ و تحریک خاص سے یکم مارچ ۱۸۷۰ء کو بمنظوری نواب خلد آشیان انگریزی مدرسہ کی بنا قایم کی گئی چونکہ رعایا ریاست ہی ہمہ تن آمادہ تہی کہ اپنی اولاد کو انگریزی تعلیم دلائے اسلئے ایک ہی سال مین تعداد طلبہ ۱۵۰ سے زیادہ ہوگئی ہے اس مدرسے مین مڈل کلاس تک اسوقت تعلیم کا بندوبست ہے انسپکٹر مدارس لکہتے ہین اگر مدرسہ انگریزی مین چند وظیفے لایق طلبہ کے واسطے ریاست سے منظور ہوجائین تو عنقریب اس مدرسے مین انٹرنس تک تعلیم ہوجائیگی ریاست کے باشندے جو انگریزی تعلیم کے فوائد سے بالکل محروم تہے اب آہستہ آہستہ اپنی اولاد کو مدرسے مین بہیجتے جاتے ہین اور رفتہ رفتہ

کامل امید ہے کہ آیندہ سال مین تعداد طلبہ ڈیڑہ سو سے تین سو ہو جائیگی ہیڈ ماسٹر مدرسہ
انگریزی منشی عبدالحق محنتی اور قابل ہین دیگر مدرسین مدرسہ بہی محنت کرتے ہین —
اس مدرسے کی ترقی کیواسطے یہ امر ضروری ہے کہ ایک دوسرا مدرس انٹرنیس پاس
شدہ مقرر کیا جاسے تاکہ تعلیم کو ترقی ہو —

مدرسہ کہاتہ

۱۷ جولائی ۱۸۸۸ء مین چند ساکنان موضع نے ایک عرضی اس مضمون کی صاحبزادہ جنرل
محمد اعظم الدین خان بہادر کو دی کہ اگر موضع مین مدرسہ انگریزی قایم ہوگا تو ترقی تعلیم
متصور ہے — اس مدرسے مین انگریزی فارسی اور سنسکرت کی تعلیم ہونا چاہئے تحصیلدار
صاحب ملک نے اپنی رپورٹ مین لکہا کہ اکیس روپئے تک فیس وصول ہو سکتی ہے مگر
امید ہے کہ پچیس روپئے تک پہونچ جاسے اسلئے سرکار سے ماہوار ملنا
چاہئے مگر سرکار سے ماہوار کی منظوری ہوئی — اس سنہ مین ایک ہیڈ ماسٹر واسطے
تعلیم انگریزی کے اور ایک مدرس فارسی اور ایک مدرس سنسکرت اور ناگری مقرر ہوئے
اوسط تعداد طلبہ قریب ۵۰ کے ہے تعلیم مثل مدرسہ انگریزی کے ہے جبوقت انسپکٹر
مدارس کا تقرر ہوا مدرسہ کہاتہ کی حالت بہت خراب تہی انسپکٹر نے کئی مرتبہ اوس مدرسے
معائنہ کیا اب حالت عمدہ ہے ایک لائق مدرس انگریزی جسکی لیاقت انٹرنس تک ہے
مقرر کیا گیا ہے اور مدرس فارسی تبدیل کردیا گیا اوسکی جگہ دوسرا مدرس مدرسہ
بلنوری سے بہیجا گیا ہے مگر انسپکٹر مدارس لکہتے ہین کہ اس مدرسے کے چندہ دینے والے

آپس کی نا اتفاقی سے چندہ ماہواری دیتے ہین جیلہ حوالہ کرتے ہین اگر سرکار کیطرف سے اسکا انسداد جلد نہوا تو یہہ مدرسہ امدادی بند ہو جائیگا۔

مدرسۃ النسوان

زمانہ سابق سے علاوہ مدرسہ انگریزی و مدرسۃ عالیہ ایک مدرسۃ نسوان بہی تہا جسمین لڑکیان پڑہتی اور وظیفہ پاتی تہین اسمین ایک ملانی اور ایک کہاری ملازم تہی اور چہبیس (عہ) روپیہ ماہوار منجانب ریاست بحساب فی اسم عہ لڑکیون کو وظیفہ دیا اور صرف قرآن مجید پڑہایا جاتا تہا وہ بہی بے اعتنائی سے اور وظیفے کا تقرر صرف سفارش پر منحصر تہا لیاقت علمی پر کسیکو نظر نہ تہی اگست ۱۸۸۶ع سے یہہ مدرسہ مسٹر فلپ کے سپرد ہوا میمصاحبہ نے ایک معلمہ اُردو خوان بمبئی سے دوسری بلوائی جو علاوہ علم اُردو کے کارسوزن اور بناوٹ سے ماہر تہی اس مدرسے مین بیس سے لڑکیان سے زیادہ کبہی نہین ہوئین جنمین اب قریب چالیس لڑکیون کے ہین میم صاحبہ کی جب یہہ مدرسہ سپرد ہوا تو اول اونہون نے امتحان لیا اور حسب لیاقت مقرر وظائف کیا گئیں لڑکیان جو وقت امتحان قاعدہ بغدادی بہی اچہی طرح نہین سنا سکتی تہین وہ عہ ماہوار کی وظیفہ خوار تہین ایسے وظائف ایکدم سے موقوف کر دیے گئے۔ اب اس مدرسے مین۔ قرآن مجید اُردو حساب کارسوزن سکہایا جاتا ہے لکہنے کی بہی مشق ہوتی ہے۔ عمدہ سوزنی بنچیے کے کام کی اور جالی پر سوت کے کام کے رومال اور کرتے اور خالص کے رومال کڑہے ہوئے مدرسے کی لڑکیون نے

کارا... حضور مدارالمہام بہادر کو دیگر انعام حاصل کئے ہین - اونی گلوبند کا بہی
...ب کام ہوتا ہے میم صاحبہ اب ہر سہ ماہی کو امتحان لیتی ہین اور اضافہ و تنزل
...ف کرتی ہین - چنانچہ اس ترکیب سے لڑکیون کو شوق ہوتا جاتا ہے - اب
...ماہوار پچاس روپے سے کم ہے اور نیز ایک ملانی اور بہی ملازم رکہی گئی ہے
...امید کامل ہے کہ ایک دوسری شاخ اس مدرسے کی قایم ہو جاسے علاوہ لڑکیون کے
دو کہاریان ایک بہشتن ایک مہترانی اور دو ملانیان ملازم ہین - میمصاحبہ نے براہ
پرورش پہلی معلمہ کی اونکی کبرسنی کے باعث سے پنشن کرادی - موجودہ حالت
مدرسہ نسوان کی بہ نسبت سابق بہت ترقی پر ہے - پہلے صرف ایک سبق قاعدے یا
پارہ عم کا ہوتا تہا اب جماعت وار علیحدہ علیحدہ تعلیم ہوتی ہے اور ایک وقت قاعدہ اور
پارہ عم بہی - فی الحال مدرسہ نسوان مین تین جماعتین ہین - جماعت ۱ اول مین
بنات النعش پڑہائی جاتی ہے اور لکہوایا بہی جاتا ہے اور حساب مین قاعدہ ضرب
سیکہتی ہین - اور بعد چہٹی کے کام سوئی کا ہوتا ہے - جماعت ۲ دوم مین مرات العروس
پڑہائی جاتی ہے اور لکہائی بہی ہوتی ہے اور حساب مین قاعدہ جمع اور تیسری جماعت ۳
مین دو فریق کر دئے ہین ایک مین تشریح الحروف اور دوسری مین گلدستہ تہذیب
ہے یہ معلمہ جو اب بریلی سے جانشین بلائی گئی ہین امید ہے کہ اور زیادہ تعلیمی
حالت کو ترقی دین اور نیز میمصاحبہ کی توجہ خاص اس مدرسے کی ترقی پر مبذول ہے
شاہ آباد - ملک - بلاسپور اور ٹانڈے کے مدارس کے لیے کوئی معقول بندوبست

اسوقت تک نہین ہوا۔ انسپکٹر مدارس ان مقامات مین مدارس پٹواریان کا پورا مکانی بندوبست دیکھکر اپنے تحت کے مدرسون کی حالت مکانی پر افسوس کرتے ہین اور صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر کی توجہ نسبت تعمیر مکانات و دیگر اسباب ضروری کے اپنی رپورٹ مین رجوع کرتے ہین۔ اور آخر مین یہ بھی کہتے ہین کہ اگر مکان کا بندوبست نہوا تو تعلیم مین ہرگز ہرگز ترقی نہوگی۔ نقشہ نمبر صیغہ ا کے ملاحظے سے واضح ہوگا کہ بمقابلہ گذشتہ امسال پانچ مدرسے جدید قایم ہوئے اور نقشہ نمبر ۱۲ سے ظاہر ہوگا کہ امسال اس سررشتے مین للعہ روپے بمقابلہ لعہ روپے گذشتہ کے خرچ پڑا ہے یعنی بمقابلہ گذشتہ عہ روپے کی بیشی ہے اس بیشی کا سبب یہہ ہے کہ گذشتہ سال مسٹر فلپ ڈائرکٹر تعلیم عامہ کا تقرر آخر سہ ماہی مین ہوا تہا اور اونکی تنخواہ مین صرف ال کسر سے زائد خرچ پڑا تہا سال حال مین ڈائرکٹر صاحب کی تنخواہ مین مع انسپکٹر مدارس کی عہ روپے صرف ہوا ہی اسکے علاوہ بوجہ قایم ہونے تین مدارس جدید کے ایکہزار سے کچھ زائد اخراجات تعلیم مین بیشی ہے۔

صفائی

نقشے سے واضح ہے کہ ختم سال یعنے مارچ ۱۸۹۰ء مین اس سررشتے مین مختلف اقسام خدمات کے ملازم مع افسر کی تعداد ۱۱۰ تھی۔

سال تمام مین ان ملازمین کی تنخواہون مین للعہ روپیہ خرچ پڑا اور رفتنی

مصارف کا خرچ مزید بران ہے جسکی تعداد للعہ روپیہ ہے ان دونون کا
مجموعہ معہ روپیہ ہوتا ہے آمدنی مختلف نقشہ آمدنی نمبر سے ظاہر ہے
معہ روپیہ کی ہوئی اس آمدنی مین بقایا سنین ماضیہ بھی داخل ہے۔
صفائی کا انتظام بمقابلہ گذشتہ ترقی پر ہے اور گرداور صفائی لیاقت حسین کی محنت سے
امید کی جاتی ہے کہ جسقدر ہر کام مین خامی باقی ہے وہ اپنی محنت و کوشش سے بہت
جلد رفع کر دینگے جسمین وہ مصروف پائے جاتے ہین۔ لیکن اسموقع پر یہہ بھی بیان کرنا
ضروری معلوم ہوتا ہے کہ صفائی کا انتظام اوسوقت تک کافی طور پر درست نہین
ہوسکتا جبتک صیغہ تعمیرات سے اندرون آبادی پانی کے نکالنے کا کام
ختم نکر دیا جاے جسکی طرف صاحب چیف انجینیر متوجہ ہین۔
گرداور صفائی اپنی رپورٹ مین لکھتے ہین کہ سال گذشتہ مین سڑکون پر صرف ایکمرتبہ
چھڑکاو کیا کرتے تھے اب دوبارہ سہ بارہ سڑکون پر چھڑکاو ہوتا ہے اور سڑکین
تر رکھی جاتی ہین۔ گذشتہ سال صرف چالیس پرانی قطع کی چھوٹی لالٹینون سے
تمام آبادی مین روشنی کی جاتی تھی اب ۲۲۵ بڑی قسم کی لالٹینین مٹی کے تیل سے روشن
کی جاتی ہین جنکی روشنی عمدہ اور صاف ہوتی ہے اور رات کے وقت اس سے رہگذرون کو
بڑی آسایش ملتی ہے۔
مئی ۹۵ء سے تجریک صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کنوؤن کی صفائی ماہانہ جہام سے ہوا
کرتی ہے۔ اور ان ترقیون پر نظر کر کے ملازمین کی تعداد مین امسال جو اضافہ ہوا ہے

وہ کچھہ نہین ہے یعنی صرف ۱؎ نفر کی مقابلہ گذشتہ بیشی ہے۔

اسی موقع پر یہہ بہی بیان کرنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر صفائی شہر کے لیے ایک کمیٹی منعقد کرنے والے ہین جسمین معزز باشندگان شہر اور ملازمین ریاست ممبر ہونگے اور یہہ کمیٹی ہر قسم کی صفائی کے ذرائع تجویز کرتے رہینگے اور ممبران کمیٹی اپنے اپنے محلون کی ضرورتون کو کمیٹی مین پیش کیا کرینگے۔

دواخانہ

ریاست مین ایک انگریزی ہاسپٹل ہے جس مین بابو شیاما چرن سرجن ڈاکٹر ہین اُنکی ماتحتی مین ضروری کام کرنے والے آدمی ملازم ہین ایک سپرنٹنڈنٹ ٹیکہ اور چہہ ویکسنیٹر اونکی نگرانی مین ٹیکے کا کام ٹیکے کے موسم مین کیا کرتے ہین۔ نقشہ جات منسلکہ نمبر ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ سے اس شفا خانے کے مختلف کام ظاہر ہوتے ہین۔ نقشہ نمبر ۶ سے ٹیکے کا کام ظاہر ہوگا۔

اسکے علاوہ ریاست مین ایک بڑا دواخانہ یونانی ہے جس مین ایک نامی طبیب یونانی ہمیشہ کام کیا کرتے ہین اور اون کے تحت مین تحصیلات کے دواخانے کی بہی نگرانی ہے اور ہر تحصیل مین ایک طبیب یونانی مع ضروری ملازمین کے موجود ہے۔ دوا بہی ہر قسم کے مرض اور مریض کے ہر تحصیل کے دواخانے مین ہمیشہ کافی طور پر موجود رہتی ہے نقشہ نمبر ۷ سے یونانی دواخانون کے کام کی تفصیل ظاہر ہوتی ہے۔

ڈاک

خاص شہر رامپور مین ایک ڈاک خانہ انگریزی ہے اور اسوقت تار گہر بہی ہوگیا ہے مگر مفصلات وتحصیلات مین ڈاکخانہ نہین ہے ملازمین اضلاع وممالک غیر موجودہ ریاست اور ساہوکارون کو اور بعض باشندون کو سخت تکلیف ہے - اکثر ریاست کے باشندے ممالک انگریزی وریاست ہای غیر مین ملازم ہین اونکے خطوط جو انگریزی ڈاک مین آتے ہین وہ اونکے گہرون کو وقت پر نہین پہونچتے تحصیلات مین انگریزی ڈاکخانے جو قایم ہوے تہے وہ چندروزمین بوجوہ ٹوٹ گئے اب انگریزی ڈاک مین مفصلات کے لیے جو خطوط آتے ہین وہ مہینون تقسیم ہونے کو باقی رہتے ہین لوگ سخت نالان وپریشان ہین ریاست کی ایک ڈاک ہر تحصیل مین سرکاری کاغذات پہونچانے کے لیے بیٹہی ہوی ہے جو روزانہ تحصیل کو ڈاک لے جاتی اور لے آتی ہے -

مطبع ریاست

نواب خلد آشیان کے عہد مین ایک پریس اور چار پتہر مطبع ریاست مین تہے اور کام کرنے والے منشی بہ پیمین وغیرہ رسالہ علی غول کے ملازم تہے جب کوئی شاعرانہ کلام درست ہوتا تہا تو یہہ لوگ رسالے سے طلب کر لئے جاتے تہے اور کتب خانے سے کاپی بھیجکر لیا جاتا تہا جب کام ہوتا تہا بیس کو پانچ روپیہ یا ہوا ردیئے جاتے تہے اور ایک پتہر ساز بہی ملازم تہا

منشی امیر احمد صاحب مینائی متخلص امیر جو نواب خلد آشیان کے شعر و سخن مین استاد تھے اون سے مطبع کا کام متعلق ہو جاتا تھا اور مناسب اہتمام و کوشش سے کبھی کبھی کچھ طبع ہوا کرتا تھا نواب عرش آشیان کے عہد مین کاغذات سررشتہ ہائے سرکار کے چھاپنے کے لئے یہ مطبع مستقلانہ ۱۵ - اپریل سنہ [illegible]ء کو کھولا گیا اور شیخ نعیم الزمان مطبع کے منصرم مقرر ہوئے - عملہ پریس یعنے پریسمین وغیرہ رسالون سے طلب کر لیے گئے - اور مصلح سنگ و کاپی نویس و نقشہ نویس مطبع مین مقرر ہوئے - پریسمین کی تنخواہ مین مناسب اضافہ کیا گیا - اور اسکے بعد منصرم مطبع کی درخواست پر ایک محرر اور ایک سپاہی متفرق کام کیلئے بڑھایا گیا - اور تنخواہ ملازمین کو یکم فروری سنہ [illegible]ء تک رسالون مین سے اور کاپی نویس کو کتب خانہ سے ملتی رہی صرف منصرم مطبع اور مصلح سنگ کی تنخواہ کا خرچ مطبع مین پڑتا رہا - ۲ فروری سنہ [illegible]ء کو کل کارکنان مطبع کی تنخواہ مطبع مین شریک ہو گئی اور پریسمین استعفیٰ دیا - رولیا اور استریا کی اصلی تنخواہون مین ایک ایک روپیہ کا ۱۴ - اگست سنہ [illegible]ء کو اضافہ ہوا - محرر مطبع کی تنخواہ مین بسفارش منصرم مطبع دسمبر سنہ [illegible]ء کو اضافہ ہو چکا تھا -

مطبع مین جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے صرف ایک پریس اور چار پتھر تھے اور بوجہ کثرت کام کے یہہ کام چلانے کے لیے کافی نہ تھا اور مجبورانہ مطبع غیر مین سرکاری کاغذات چھپنے کو بھیجنا پڑتا تھا منصرم نے دوسرے پریس اور پتھرون کی درخواست پیش کی اور ۲۲ نومبر سنہ [illegible]ء کو ایک دیسی پریس قابل مرمت اور چار پتھر خرید کئے گئے - منصرم مطبع لکھتے ہین کہ اسوقت

پتھرون کے بڑہ جانیسے کو کسیقدر آسانی ہوگئی ہے لیکن نہ ایسے جو مطبع کی کارروائی کے لئے کافی ہو۔ بالآخر ۳ جنوری ۱۹۰۸ء کو سید علی حسن خان صاحب بہادر ممبر مال نے بعد ملاحظہ مطبع اس کمی سامان کے رفع شکایت کیطرف توجہ فرمائی دیسی پریس کے نیلام کا حکم دیا گیا اور ولایتی پریس اور جدید پتھر خریدنے کی منظوری ہوئی۔

چنانچہ جنوری ۱۹۰۸ء کو کارخانہ روڑکی سے پریس جدید قیمتی دو سو روپیہ خریدا گیا اور نیز پتھر دو رسنے قیمتی تین سو روپیہ لکھنؤ سے ۲۸ فروری ۱۹۰۸ء کو منگائے گئے۔

اب مطبع سرکاری سررشتون کا کام انجام دینے کیلئے پورا سامان موجود ہے۔

وقت مقررہ سے جون ۱۹۰۸ء تک مطبع سرکاری سررشتہ جات سرکاری کا کام بلا اجرت انجام دیا کرتا تھا۔ جولائی ۱۹۰۸ء سے اجرت مطبع کی مقرر کیگئی سررشتون سے اجرت ماہانہ کی تحصیل شروع ہوئی جو خزانہ سرکاری میں جمع ہوتی ہے۔ تفصیل اجمال کی نقشہ سے ظاہر ہوگی۔

مویشیخانہ

سال گذشتہ میں ۹ مویشیخانے تھے سال زیر رپورٹ میں بنظر رفاہ عام ایک جدید مویشیخانہ موضع رسول پور پرگنہ سواریں قایم کیا گیا۔

نقشہ نمبر سے ظاہر ہے کہ بعد اخراجات سال میں خالص توفیر [illegible] رہی اور توفیر [illegible] خرچ پڑا جسکا مجموعہ [illegible] ہوا سال گذشتہ کی توفیر اصلی

[illegible] اور خرچ [illegible] تھا جو مجموعاً [illegible] ہوتا ہے پس بمقابلہ سال گذشتہ توفیر مین [illegible] کا اضافہ اور خرچ مین جو مجموعاً [illegible] ہوتا ہے لیکن اپنی موقع پر اس بات کا ظاہر کرنا ضروری ہے کہ گذشتہ سال کی توفیر و خرچ صرف نو مہینہ کا ہے یعنی جبسے مویشیخانے قایم ہوے من ابتداء جولائی ۱۸۸۴ء اسلیے ضرور ہے کہ سال زیر رپورٹ کے اونہین نو مہینوں سے مقابلہ کیا جاوے جسکا نتیجہ یہ ہے —

مدت	خرچ	توفیر	کل
من ابتداء جولائی ۱۸۸۴ء لغایت ۳۱ مارچ ۱۸۸۵ء	[illegible]	[illegible]	[illegible]
من ابتداء جولائی ۱۸۸۵ء لغایت ۳۱ مارچ ۱۸۸۶ء	[illegible]	[illegible]	[illegible]
تفاوت درمیان ہر دو سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]

نقشہ نمبر ۱۲ کے دیکھنے سے ظاہر ہے کہ رسول پور پرگنہ سوار کی مویشیخانے مین بمقابلہ آمدنی کے [illegible] خرچ زیادہ پڑا ہے اس زیادتی کی وجہ باسانی ظاہر ہے یہ سمجھی گئی ہے کہ مویشیخانہ جدید گرد و نواح کے لوگ ابھی پوری طور پر واقف اور آوارہ مویشیون کو مویشیخانون مین پہونچانیکی عادی نہین ہوے ہین سال آیندہ مین بھی اگر اس مویشیخانی کی آمدنی کی یہی کیفیت رہی تو حسب مناسبت اوسکا کوئی دوسرا انتظام کیا جاویگا —

نقشہ نمبر ۱۳ کے ملاحظے سے ہر مویشیخانہ کی آمدنی و خرچ و توفیر ظاہر ہوتی ہے بلحاظ آمدنی و توفیر کی مویشیخانہ ہاے ذیل کے مدارج حسب ذیل ہین —

نمبر	نام مویشیخانہ	آمدنی	خرچ	توفیر
۱	سیوار	عالہ لعہ ۵ر۳تا	ماصہ ۱۳ر۳تا	اماصر
۲	بلاسپور	عاموپہ ۱۳ر	ماصہ ۱۳ر	ساموپہ ار
۳	حضور تحصیل	عاللہ	۱۱موسہ	سالعہ ۵ر

ہرچند رامپور کی آمدنی بمقابلہ بلاسپور کچھ زیادہ ہے مگر یہان خرچ زیادہ پڑا اور خرچ مین ۱۱ر۹تا مرمت کی جو شریک ہین اوسکو بھی خرچ سے منہا کرنے سے بعد (اسلیے بلاسپور مین یہ خرچ نہین پڑا) رامپور کے خرچ کی رقم ۱۱ر۳تا ہوتی ہے جو بمقابلہ بلاسپور زیادہ ہے اسلیے بلاسپور کو رامپور سے بہتر سمجھنا بجا ہے خود بھی بہتر ہے مویشیخانون مین درجہ آخر دینا پڑا امید ہے کہ سال آیندہ مین یہ مویشیخانہ اپنی مقابل مویشیخانون درجہ اول پانیکی کوشش کرتا رہیگا - قطع نظر مویشیخانہ رسول پور کی جسمین بجای توفیر کے خرچ زیادہ پڑا بلحاظ کمی آمدنی و کمی توفیر کی مویشیخانہا ذیل کے مدارج یہ ہین -

نمبر	نام مویشیخانہ	آمدنی	خرچ	توفیر
۱	خاص تحصیل رامپور	ماسہ ۵ر	لوسہ ۱۴ر۶تا	ماوعہ
۲	کیمری	۱۱لعہ ۱۱ر	ماوعہ ار۶تا	ماوعہ ۹ر۶تا
۳	شاہ آباد خاص	۱۱صہ ۲ر	ماعہ ۳ر	ما ۳ر۹تا

اسمین سے مویشیخانہ ہای نمبر ۲ و ۳ کی حالت قابل توجہ خاص ہے مویشیخانہ کیمری کا آمد و خرچ

مساوی ہونا قابل لحاظ و نگرانی ہے مویشیخانہ شاہ آباد خاص ناف آبادی مین واقع ہے جہان دیہات کے آوارہ مویشیون کا پہنچنا وقت سے خالی نہین ہے۔

محبس

اس محبس مین ختم سال پر ۱۴۳ قیدی مرد اور عورتین ۱۱ تہین۔ سال زیر رپورٹ مین ۵۶۶ مرد اور ۲۶ عورتین قید ہوئین جنکا مجموعہ ۷۰۹ مرد اور ۳۷ عورات ہوتا ہے ان مین سے اندرون سال ۶۶۹ مرد اور ۱۰ عورتین میعاد گذرنے پر رہا ہوئین ایک مرد اور ایک عورت قاعدہ معافی قید سے اور ۲۷ مرد بوجہ دیگر رہا ہوئے انکا مجموعہ ۶۹۷ مرد اور گیارہ عورتین ہوا باقی ختم سال پر محبس مین مرد اور ۲۶ عورتین رہین ان ۵۶۶ مرد اور ۲۶ عورتون مین سے جو سال مین قید ہوئے سزا یافتہ سابق حسب ذیل تھے۔

مرتبہ اول۔	۳۴۵ مرد	۲۲ عورت
مرتبہ دوم۔	۱۸۹ "	۴ "
دو مرتبہ سے زیادہ	۳۳ "	۰ "

ایسے قیدی نابالغ جنکی عمر ۱۶ سال سے کم ہو اس محبس مین نقشے سے معلوم ہوتا ہے نہ تھے واضح ہے قیدیان موجودہ محبس مین سے جرائم متعلقہ محبس مین صرف ۱۱ مردون اور چار عورتون کو سزا ملی افسوس ہے نقشہ نمبر کی خانہ پری محبس سے نہو سکی جس سے خوراک و محافظین و دیگر اخراجات کا پتا لگتا آئندہ سال مین اسکا انتظام مناسب ہوگا۔ ملاحظہ [illegible]

باستثناء محافظین صدر مامت ۵ روپیہ خرچ پڑا ہے اس رقم سے جب کہ دیگر اخراجات نہین معلوم ہوے کوئی نتیجہ نکالا نہین جاسکتا ۔ سال حالمین ۵۹۳ مرد و عورت قید ہوے تاریخ عمر و پیشہ کی انکی تفصیل یہ ہے

ملت		عمر	
۳۶۲	ہندو	۱۶ برس سے کم	۱۵
۲۳۱	مسلمان	۱۶ برس سے زیادہ ۴۰ تک	۳۵۰
		۴۰ سے ساٹھہ تک	۲۰۱
		۶۰ سے ۱۰۰ تک	۲۷

پیشہ

ملازمین سرکار	ملازمین غیر سرکار	پیشہ ور	تاجر و سوداگر	سوتکار و غیرہ	میزان
۲۵	۱۰۰	۲۷	۹۰	۳۵۱	۵۹۳

اس مجبس مین ختم سال پر ۶۳ مرد اور چار عورتین زیر حوالات تہین سال مین ۹۲۹ مرد ۳۵ عورتین زیر حوالات ہوئین جنکا مجموعہ ۹۹۲ مرد اور ۳۹ عورتین ہوا ۔ تفصیل رہاو قید و فوت و فرار کے مجبس سے نہین معلوم ہوسکین ختم سال پر ان مین صرف ۲۷ مرد اور چہہ عورتین زیر حوالات باقی تہین ۔

دستور العمل واسطے عدالتہاے مطالبہ خفیفہ کے

دفعہ ۔ مدار المہام صاحب بہادر کو اختیار ہوگا کہ جس عہدہ دار سرکاری یا اور شخص کو جسکو مناسب تصور فرماوین اختیارات سماعت مقدمات مطالبہ خفیفہ کے عطا فرماوین ۔

دفعہ ۲ مدار المہام صاحب بہادر کو اختیار ہوگا کہ واسطے عدالتہاے مذکورہ کے حدود اراضی کا تعین فرماوین اور وقتاً فوقتاً حدود اون اراضی کی ترمیم و تبدیل فرماوین—

دفعہ ۳ بالفعل عدالت مطالبہ خفیفہ شہر رامپور مین قایم ہوی اور اوس کا اختیام اون مقدمات کی بابت محدود ہوگا جنکی بنا مخاصمت شہر رامپور مین پیدا ہوئی ہو یا جہان مدعا علیہ سکونت رکھتا ہو—

دفعہ ۴ اختیارات مطالبہ خفیفہ واسطے دعوی کے مفصلہ ذیل محدود ہونگی—

(الف) قرضہ خالص	جبکہ تعین پچاس روپیہ زیادہ نہو وے—
(ب) تنخواہ ملازم	
(ج) اجرت مزدور وکاریگر و بار برداری	
(د) کرایہ مکان و دوکان سکنے	
(ہ) قیمت اشیاء منقولہ	

دفعہ ۵ بعد گذرنے عرضی نالش کی اوپر اسٹامپ آٹھ آنہ کے حسب نمونہ نمبر اور معاینہ اس امر کے کہ عرضی باضابطہ ہے سمن طلبی مدعا علیہ یا مدعا علیہم جاری ہوگا موافق نمونہ منسلکہ نمبر کے اور سمن کے ساتہہ مدعا علیہ یا مدعا علیہم کے پاس نقول عرضی دعوی کے بہیجے جاوینگے جو مدعی عرضی نالش کے ساتہہ داخل کریگا—

دفعہ ۶ ہر مدعا علیہ کی طلبی کے لئے چار آنہ رسوم اجرا لیے جاوینگے—

...مین ایسی تاریخ لکہی جاویگی جو ایکہفتہ سے کم نہووے اور پندرہ دن سے

...نہووے اور تعیین اس تاریخ کا بلحاظ کثرت وقلت کار عدالت ونظر بہ وقعت بادی النظری

...ایسکے ہوگا تاکہ مدعا علیہ کو مہلت واسطے جوابدہی کے کافی ہے۔

دفعہ ۸۔ جب تاریخ معینہ پہ دونو فریق حاضر ہون تو اونکا ثبوت لیا جاویگا اور بتی

حتی الامکان فیصلہ ہوگا بجز اسکے کہ مدعا علیہ یا مدعی کسی وجہہ سے اپنے گواہ حاضر نہ لاسکا ہو

اور تاریخ ثانی باقتضا انصاف تبدیل کرنی ضرور ہو۔

دفعہ ۹۔ اگر کوئی فریق گواہ طلب کرانا چاہے تو مقدمی کی تاریخ سے پہلی درخواست گذرانے

ایسی درخواست صرف بضرورت شدید منظور ہوگی ورنہ ہر فریق خود اپنے ثبوت کو

پیش کریگا۔

دفعہ ۱۰۔ تاریخ معینہ پر جب مدعی باوصف اطلاع غیر حاضر ہوا ور مدعا علیہ حاضر ہو تو مقدمہ

عدم پیروی مین خارج ہوگا اور دوبارہ دائر نہو سکیگا الا پندرہ دن کے اندر بشرط پیش

کرنے وجہ معقول کے مقدمہ باز بنمبر سابق دائر ہو سکیگا۔

دفعہ ۱۱۔ تاریخ معینہ پر جب مدعی اور مدعا علیہ دونو غیر حاضر ہون تو بہی مقدمہ خارج ہوگا

الا بپابندی قانون سماعت مدعی کو اختیار مجاروئی رجوع نالش کا باقی رہیگا۔

دفعہ ۱۲۔ تاریخ معینہ پر جب مدعا علیہ غیر حاضر ہو تو ترتیب مقدمہ یکطرفہ عمل مین

آویگی اور حکم مناسب صادر ہوگا۔ مدعا علیہ اطلاع اجراء ڈگری سے پندرہ دن کے

اندر درخواست تجویز ثانی بانداج وجہ معقول پیش کرسکتا ہے

دفعہ ۱۳ا- جب مدعا علیہ کو دعوے سے اقبال ہو تو تحقیقات مزید کی حاجت نہوگی-

دفعہ ۱۴ا- پیروی اور جوابدہی مقدمہ کی اصالتاً یا وکالتاً ہو سکتی مگر شرط یہ ہے کہ جب حاکم عدالت کے نزدیک اظہار اصل فریق کا بنظر انکشاف معاملہ ضروری ہو تو وہ حاضری سے مستثنی نہوگا-

دفعہ ۱۵ا- کوئی مقدمہ جو تین ہفتے سے زاید دائر رہے اوسکی اطلاع مدار المہام صاحب بہادر کو کرنی ہوگی معہ وجہ التوا کے-

دفعہ ۱۶ا- میعاد سماعت مقدمات مطالبات خفیفہ تاریخ ظہور بنای مخاصمت سے ایکسال ہوگی اس سے زاید میعاد کا مقدمہ بلالحاظ تعداد دعوے عدالتہاے معمولی دیوانی مین دائر و فیصل ہوگا۔ **تنبیہ** جب کوئی مقدمہ اسوجہ سے ناقابل سماعت قرار پاوے تو عرضی دعوے مستغیث کو بجنسہ واپس دیا جاوے کہ عدالت مجاز مین پیش کرے-

دفعہ ۱۷ا- عدالت خفیفہ کے احکام و تجاویز ناطق ہونگی الا تاریخ فیصلہ سے بیس دن کے اندر مدار المہام صاحب بہادر تجویز نگرانی کے لئے درخواست پیش ہو سکتی ہے-

دفعہ ۱۸ا- درخواست ایک روپیہ کے اسٹامپ پر پیش ہوگی اور اوسکے ساتھ نقل تجویز کی داخل کرنی ہوگی-

دفعہ ۱۹ا- حاکم مجوزہ درخواست نگرانی کو اختیار رہیگا-

اول- فیصلہ عدالت ماتحت کا منسوخ کرے-

دوم- فیصلہ عدالت ماتحت کا ترمیم کرے-

سوم - مقدمہ کو فیصلے کے لیے دوسری عدالت کو سپرد کرے -

چہارم - مقدمہ کو بغرض تنقیح بعض مراتب عدالت ماتحت مین واپس کرے اور شہادت مزید شامل کرا کے اپنے پاس طلب کرے -

پنجم - مقدمہ کو بغرض تحقیقات مزید و حکم آخیر عدالت ماتحت کو واپس کرے

دفعہ ۲۰ - اجراء ڈگری زبانی درخواست پر بروز اصدار فیصلہ یا بذریعہ درخواست تحریری بعد مین بطریق ہاے ذیل ہو سکتی ہے -

(الف) بذریعہ گرفتاری و قید محبس دیوانی تا میعاد دو ماہ -

(ب) بذریعہ نیلام جائداد منقولہ باستثناء آلات کشاورزی و پارچہ پوشیدنی آلات حرفہ و ظروف جنکا روزانہ استعمال ناگزیر ہو -

مگر شرط یہہ ہے کہ ملازمان فوج و ملازمان سول قید نہ کیے جاوینگے اونکی تنخواہ سے پچیس روپیہ فیصدی ماہوار کیواسطے ایفاء مطالبہ ڈگری کی عمل مین آویگی -

دفعہ ۲۱ - محبس دیوانی مین کوئی مدیون قید کو نہ بہیجا جاویگا تا وقتیکہ ایک ماہ کی خوراک کا پورا روپیہ بحساب دو آنہ یومیہ جمع نکیا جاوے یہہ خرچ انجام کو جزو خرچ شمار ہوگا اور جب کہ کوئی شخص ضمانت معتبر داخل کرے اور حقیقت مین ایام گذاری نہ ثابت ہو تو ایسی ضمانت منظور ہوگی اور مہلت معقول واسطے ایفاء مطالبہ عدالت کے تجویز کرے گی -

دفعہ ۲۲ - بابت اجرت نیلام و تعلیقہ وغیرہ کے جو احکام دیگر عدالتہاے دیوانی سرکاری مین جاری ہین وہ اس عدالت مطالبہ خفیفہ مین بہی جاری ہونگے -

دفعہ ۲۳- جب کوئی شئی متصرفہ اجراء ڈگری مین بہ ہنار عذرداری واگذاشت ہوجاوے تو ایسا حکم ناطق ہوگا۔

دفعہ ۲۴- کوئی ڈگری عدالت خفیفہ کے بعد ایک سال کے قابل اجراء نہوگی بجز اوس صورت کے کہ درمیان سال کے جاری ہوتی رہی اور ایفا نہو۔ اس حالتمین تین برس تک اوسکی میعاد شمار ہوسکتی ہے تین برس منقضی ہونے پر ڈگری ساقط الاثر ہوگی

دفعہ ۲۵- بیس روپیہ تک کے مطالبہ مین جب مدعا علیہ قید کی میعاد بھگت لیوے تو مواخذہ آئندہ سے بری متصور ہوگا بیس روپیہ سے زاید پچاس روپیہ تک با وصف قید مطالبہ ڈگری ساقط نہوگا۔

دفعہ ۲۶- درخواست عذرداری نسبت نیلام جائداد دس روز کے اندر پیش ہوگی۔

دفعہ ۲۷- اصول عامہ قانون دیوانی کو اس دستورالعمل سے جہان تک ممکن ہوگا تعلق ہوگا اور جو مسئلہ مشکل پیش آوے اوسکی نسبت مدارالمہام صاحب بہادر کی تجویز ناطق ہوگی۔

نمونہ نمبر ۱

عرضی دعویٰ

بعدالت مطالبہ جات خفیفہ مقام ریاست رامپور

نمبر — سنہ ۱۹ مقدمات ابتدائی — مرجوعہ — ماہ — سنہ ۱۹

— ولد — ساکن — قوم — پیشہ — مدعی یا مدعیان

بنام

— ولد — ساکن — قوم — پیشہ — مدعا علیہم

دعوے

(۱) مختصر حال دعوی کا

(۲) دادرسی جو عدالت سے مطلوب ہے

العبد

تصدیق کیجاتی ہے کہ ہم مدعیان کے علم و یقین میں مضمون نالش ہذا کا صحیح ہے۔ العبد

نمونہ نمبر ۳

سمن بنام مدعا علیہم

نمبر   سنہ ۱۹ء   مقدمہ ابتدائی

عدالت مطالبہ جات خفیفہ مقام   ریاست رامپور

—— ولد —— ساکن —— بنام —— ولد —— ساکن ——

قوم —— پیشہ —— مدعیان —— قوم —— پیشہ —— مدعا علیہم

بنام —————— مدعا علیہ

از انجا کہ مدعی نے عدالت ہذا میں تباریخ   ماہ   سنہ ۱۹ء دعوی بابتہ کرایہ یا قرضہ جسمیں تفصیل ہو لکھی جاوے دائر کیا ہے اور اوسکے تصفیہ کے لیئے تاریخ   ماہ   سنہ ۱۹ء مقرر کیگئی ہے لہذا تمکو بذریعہ حکم ہذا متنبہ کیا جاتا ہے کہ تاریخ معینہ مذکورہ کو وقت دس بجے دن کے بمقام   حاضر کچہری عدالت ہذا اصالتاً یا وکالتاً یا مختاراً ہو کر جواب نالش مدعی مذکور کے جو کچھ عذر رکھتے ہو پیش کرو اور ثبوت بھی اپنا گذرانو ورنہ درصورت عدم حاضری تمہاری اور نہ ہونے جواب ہی کے مقدمہ یکطرفہ سماعت ہوکر فیصل ہوگا مطلع رہو۔ المرقوم   ماہ   سنہ ۱۹ء

خاتمہ

فہرست تقسیم کام ممبران کونسل سے (جسکی نقل صفحات آیندہ مین ملیگی) واضح ہوگا کہ ہر ممبر کونسل کے پاس خود اقتداری کس کثرت سے کام ہے اسکے علاوہ نقشہ نمبر ۲ صیغہ معطوفہ سے واضح ہوگا کہ اجلاس کونسل مین ۔ مقدمات مرافعتاً پیش ہوے ان مین سے ۔ کا فیصلہ حسب ذیل ہوا۔

حکم ماتحت بحال ۔

منسوخ ۔

بذریعہ پنچایت ۔

بقیہ ۔ زیر تجویز ہین اس باقی کا سبب ظاہر ہے کہ مقدمات اجلاس کونسل مین کل ابتدائی اور اپیلوں کی عدالتون کو طے کرکے پہونچتے ہین اور اکثر بلکہ کل معاملات اہم و سنگین ہوتے ہین ان کا فیصلہ معمولی مقدمات کے طرح پر ظاہر ہے جلد نہین ہوسکتا ہے کونسل ہر جزو امر پر کامل غور و کافی تحقیقات کے بعد اپنا فیصلہ صادر کرتی ہے۔

اسکے علاوہ نقشہ نمبر صیغہ ۲ معطوفہ کے ملاحظے سے ظاہر ہوگا کہ اجلاس کونسل مین ۹۰۰۷ مقدمات متفرق پیش ہوے جنمین سے ۳۷۰۹ کا فیصلہ ہوا اور ۲۶۰ باقی رہے او اوروہی اوسط ۔ مقدمات کا ماہانہ کونسل نے فیصلہ کیا جنمین تعطیلات بھی داخل ہین نقشہ نمبر صیغہ ۳ سے ظاہر ہے کہ اجلاس کونسل مین ممبران کونسل کی طرف سے

بالاشتراک و بالانفراد اونسے تجویزین جدید بغرض اصلاح و انتظام پیش ہوئین
ان مین سے للعہ کا بالاتفاق نفاذ ہوا چار بوجہ اختلاف خارج اور تین زیر بحث ہین
پس بحیثیت مجموعی ممبران کونسل نے جو کام کیا ہے علاوہ اپنے خود اختیاری کامون کے
اجلاس کونسل مین وہ اونکی مستعدی کا خود بخود بلند آوازی سے داد دہ ہے -

کونسل

۱- اسٹیٹ کونسل - ۱۸ - اپریل ۱۸۸۸ء کو قائم ہوئے -

۲- ۵ مئی ۱۸۸۸ء سے جنرل محمد اعظم الدین خان بہادر بعارضہ بخار اور وجع مفاصل سخت علیل ہوئے - ڈاکٹر فریزر صاحب سول سرجن نے علاج کیا - ایک ماہ تک مرادآباد مین رکہا ایک ماہ سے زیادہ نینی تال رکہا - جب مرض سے پوری نجات ملی تو یکم جولائی ۱۸۸۸ء کو جنرل صاحب بہادر رامپور آئے - ممبران کونسل خاندان و نواب ولیعہد بہادر و اہالیان شہر خاص و عام نے نہایت جوش کے ساتھ استقبال کیا اور قریب دس دن کے متواتر شہر مین دعوت اور ناچ وغیرہ کے جلسے رہے -

۳- کنور لطف علیخان صاحب کو ہوا رامپور کی موافق نہ آئی - کئے مرتبہ وہ بحصول رخصت اپنی وطن کو تشریف لیگئے ایک دفعہ نینی تال پر بہی گئے اور بتاریخ ۲۲ [illegible] ۱۸۸۹ء عہدہ جوڈیشل ممبر کونسل سے وہ علیحدہ ہوئے - جاتے وقت حضور نواب صاحب بہادر و دیگر ممبران کونسل سے کنور صاحب نے ملاقات رخصتانہ تک نہ کی - اور انکے عہدہ پر [illegible]

کاغذات بے شمار جمع ہوگئے تھے صاحب ممبر مال اور وائس پریزیڈنٹ نے اونکو صاف کیا۔

۴۔ سید علی حسن خانصاحب بہادر ڈپٹی کلکٹر جن کی خدمات نواب عرش آشیان نے بماہ اکتوبر ۱۸۸۸ء لوکل گورنمنٹ سے بمشاہرہ آٹھ سو روپیہ ماہوار مستعار حاصل کی تھیں اس انتظام جدید مین بعہدہ ممبر کونسل کے مقرر ہوئے سید صاحب ممدوح نے اپنا کام حسن لیاقت اور احتیاط سے انجام دیا ہے اوسکا مفصل ذکر محاذی ہر صیغے کی مندرج ہے۔

نواب عرش آشیان اونکی لیاقت اور خدمات سے راضی وخوشنود رہے۔ اور اس تھوڑے عرصے مین بہت اصول ریاست سے صاحب ممبر مال کو اچھی واقفیت حاصل ہوئے خزانہ وحسابات ریاست کو بہت صاف کیا۔

